ماہنامہ

راہنمائے عملیات

لاہور

August, 2017 Rs.60/-

دنیا ستاروں کی روشنی میں
کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟
آج کا دن کیسا گزرے گا؟
جسمانی امراض سے صحت
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟
شرح اسماء الحسنیٰ
تسخیرات و عملیات

شرف قمر
اوج مریخ
برج سنبلہ
دعائے حجاب
اعمال گرہن
لکی نمبرز
مہورت

(فی سبیل اللہ)

روحانی علاج گاہ

عبدالباسط راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات کا قارئین کو اسلام علیکم!

قارئین کرام! والد محترم پیر و مرشد خالد اسحاق راٹھور، سر پرست ماہنامہ "راہنمائے عملیات" ایک عرصے سے اپنے روحانی فیض کے ساتھ دکھی انسانیت کو قدم قدم پر فیض پہنچا رہے ہیں، اور ایک طویل عرصہ سے اُن لوگوں کی روحانی مدد فی سبیل اللہ کر رہے ہیں جو غریب اور مستحق ہیں، جن کے پاس اپنا روحانی علاج کروانے کی طاقت نہیں ہے؛ اور وہ روحانی عملیاتی علاج کا خرچا برداشت نہیں کر سکتے۔ اس حوالے سے ملاقات کرنے یا رابطہ کرنے والے تمام سائلین، ملاقات اور راہنمائی کے لئے دفتری اوقات کی پابندی کریں، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کی فی سبیل اللہ مدد کی جا سکے۔ شکریہ

عبدالباسط راٹھور
ایڈیٹر، راہنمائے عملیات

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

سرپرست

خالد اسحاق راٹھور، ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر

عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور

قیمت

راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 زرسالانہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز سالانہ (بیرون ملک)

خالد روحانی جنتری -/250

خالد ہندی جنتری -/250

جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور راہنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی جریدہ میں شائع شدہ تحریر کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کاروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ

www.khalidrathore.com

ای میل

kirathor@yahoo.com

فیس بک

Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار

صبح 11:00 تا شام 06:00 تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز

0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:

آن لائن بنک اکاؤنٹ

A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک

Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ

عبدالباسط راٹھور
Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور
Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش
Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	5
عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال	7
خالد روحانی جنتری (اگست 2017)	10
کون سی نظرات مؤثر ہیں کون سی نہیں؟	11
شرف قمر	12
جسمانی امراض سے صحت	16
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	19
شرح اسماء الحسنیٰ	30
اوج مریخ	33
تسخیرات و عملیات	37
برج سنبلہ	40
دعائے حجاب	43
فولاد کا منبع جامن	44
اعمال گرہن	47
لکی نمبرز	48
آئیں دماغ لڑائیں	49
کرشماتی نمبرز	49
مقدر کا سکندر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 21 شمارہ 6

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری۔
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق، نوکری، امتحان میں کامیابی، دماغی کمزوری، امراض، اندرون و بیرون ملک سفر۔
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا ہو
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوحِ شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ۔
لوحِ خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات
لوحِ بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر حاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے۔
لوحِ نورانی کبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوحِ صحت و شفا	صحت و تندرستی کے حصول کے حوالے سے اسماء الٰہی اور ان کی عددی خصوصیات کی موثر لوح۔
لوحِ ردسحر و تحفظ	کالے جادو سے لے کر، بدنظر، اثر اور ہر قسم کے سحری و عملیاتی مسائل کا حل اور بچاؤ کی تدبیر۔

رسول محبان صلی اللہ علیہ وسلم

جناب عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

وہ کون ہے جس کے متعلق نبی کریم ﷺ پر سات آسمانوں کی بلندی سے سخت پیغام نازل کیا گیا؟ وہ کون ہے جس کی شان میں اللہ تعالیٰ کے یہاں سے وحی لے کر جبرائیل آئے تھے؟ وہ موذن رسول ﷺ جناب عبداللہ بن ام مکتومؓ ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو، آمین۔

ابن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ مکہ کے باشندے اور خاندان قریش کے چشم و چراغ تھے۔ رحمی رشتے کے ذریعہ سے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جڑے ہوئے تھے۔ وہ ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد کے ماموں زاد بھائی تھے۔ ان کے والد کا نام قیس بن زائد اور والدہ کا اسمِ گرامی عاتکہ بنت عبداللہ تھا جو عموماً اپنی کنیت ام مکتوم کے ساتھ مشہور تھیں۔ کیونکہ جناب عبداللہ رضی اللہ عنہ پیدائشی نابینا تھے۔

جناب عبداللہ بن ابن ام مکتومؓ اہل اسلام کے اس گروہ میں شامل ہو گئے جس نے اولین مرحلے میں داعی اسلام ﷺ کی پکار پر لبیک کہا اور انہوں نے ان مصائب و آلام کا نہایت پامردی اور ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کیا۔ انہوں نے اس راہ میں کسی قسم کی قربانی اور فداکاری و جاں نثاری سے دریغ نہیں کیا۔ انہوں نے اپنے رفقاء کے ساتھ قریش کی اذیتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ان کی زیادتیوں کو صبر و تحمل کے ساتھ برداشت کیا۔ اس راہ میں نہ تو ان کے پائے استقلال میں ذرہ برابر لغزش پیدا ہوئی نہ ان کا حوصلہ پست ہوا اور نہ ان کی قوت ایمانی میں کسی رخ سے کمزوری کے آثار ظاہر ہوئے، بلکہ ان مصائب نے ان کے اندر اللہ کے دین سے ربط محکم، اس کی کتاب سے تعلق، اس کی شریعت سے اکتساب فیض اور بارگاہِ رسالت ﷺ میں شوقِ حاضری کو مزید جلا بخشی۔

ان کے اندر بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری اور حفظ قرآن کا شوق اس حد تک بڑھا ہوا تھا کہ وہ ہر فرصت کو غنیمت سمجھ کر اس سے فائدہ اُٹھاتے اور ہر موقع کو قیمتی جان کر اس کی طرف تیزی سے لپکتے تھے، بلکہ کبھی کبھی تو ایسا بھی ہوتا تھا کہ اس شوق میں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دوسروں کے حصے کا وقت بھی لے لیتے تھے۔ اس زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے بڑے بڑے سرداروں کی طرف بڑی شدت کے ساتھ متوجہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں ہی نیک تمنا ہر وقت سر اُٹھاتی رہتی تھی کہ رؤساء قریش دائرہ اسلام میں داخل ہو جائیں۔ انہی دنوں کی بات ہے، ایک دن آپ ﷺ عتبہ ابن ربیعہ، اس کے بھائی شیبہ ابن ربیعہ، عمرو بن ہشام (ابوجہل)، امیہ ابن خلف اور خالد سیف اللہ کے والد ولید بن مغیرہ (1) سے ملے۔ آپ ﷺ ان کے ساتھ تنہائی میں گفتگو کر کے ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کر رہے تھے۔ آپ ﷺ کی دلی خواہش تھی کہ وہ لوگ اسلام قبول کر لیں یا کم از کم آپ ﷺ اور اہل ایمان کی اذیت رسانی سے باز آ جائیں۔ ابھی آپ ﷺ گفتگو کر ہی رہے تھے کہ جناب عبداللہ بن ام مکتومؓ رسول اللہ ﷺ سے کتاب اللہ کی کوئی آیت پڑھنے کے لیے یہ کہتے ہوئے داخل ہوئے ''اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے اس میں سے کچھ سکھا دیجئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو سکھایا ہے''۔

''لیکن آپ ﷺ نے ان کی طرف کوئی توجہ نہ دی بلکہ اس کے برعکس آپ ﷺ کے چہرے پر ناگواری کے آثار ظاہر ہوئے اور اس امید میں کہ یہ اسلام قبول کر لیں گے اور ان کا اسلام اللہ کے دین کی قوت اور اس کے رسول کی دعوت کی تائید کا ذریعہ بنے گا، آپ ﷺ بدستور ان قریشیوں کی طرف متوجہ رہے۔

رسول اللہ ﷺ ان کی ملاقات سے فارغ ہو کر ابھی گھر جانے کا ارادہ ہی کر رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر نزول وحی کی کیفیت طاری ہو گئی اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں:-

عبس وتولی o ان جاءہ الاعمی o وما یدریک لعلہ یزکی o او یذکر فتنفعہ الذکری o اما من استغنی o فانت لہ تصدی o وما علیک الا یزکی o واما من جاءک یسعی o وھو یخشی o فانت عنہ تلھی o کلا انھا تذکرۃ o فمن شاء ذکرہ o فی صحف مکرمۃ o مرفوعۃ مطھرۃ o بایدی سفرۃ o کرام بررۃ o (عبس ۱ تا ۱۶)

ترجمہ: ترش رو ہوا اور بے رخی (2) برتی اس بات پر کہ وہ اندھا اس کے پاس آ گیا۔ تمہیں کیا خبر شاید وہ سدھر جائے اور نصیحت پر دھیان دے اور نصیحت کرنا اس کے لیے جو شخص بے پرواہی برتتا ہے اس کی طرف تو تم توجہ کرتے ہو حالانکہ اگر وہ نہ سدھرے تو تم پر اس کی کیا ذمہ داری ہے؟ اور جو خود تمہارے پاس دوڑ آتا ہے اور ڈر رہا ہوتا ہے اس سے تم بے رخی برتتے ہو۔ ہرگز نہیں، یہ تو ایک نصیحت ہے۔ جس کا جی چاہے اسے قبول کرے۔ یہ ایسے صحیفوں میں درج ہے جو مکرم ہیں، بلند مرتبہ ہیں، پاکیزہ ہیں، معزز اور نیک کاتبوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں''۔ (3)

یہ وہ آیات ہیں جنہیں جبرائیل علیہ السلام نے جناب عبداللہ بن ابن ام مکتومؓ کی شان میں رسول اللہ ﷺ کے قلب مبارک پر نازل کیا۔ یہ آیات اپنے یوم

نزول سے اب تک تلاوت کی جارہی ہیں اور قیامت تک برابر پڑھی جاتی رہیں گی۔

اس روز کے بعد سے رسول اللہ ﷺ ابن ام مکتومؓ کا بہت لحاظ کرنے لگے۔ وہ جب بھی آپ ﷺ کے یہاں قیام کرتے، آپ ﷺ ان کی بڑی خاطر تواضع کرتے۔ وہ جب بھی آپ ﷺ کی مجلس میں آتے، آپ ﷺ انہیں اپنے قریب بٹھاتے۔ ہمیشہ ان کی خیریت دریافت کرتے اور ان کی ضروریات پوری کرتے رہتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ہجرت کی اجازت دی تو جناب عبداللہ ابن ام مکتومؓ نے اپنے دین کی حفاظت کے لیے ترک وطن کرنے میں بڑی پھرتی سے کام لیا۔ چنانچہ اصحاب رسول ﷺ میں سے وہ اور جناب مصعب بن عمیرؓ سب سے پہلے مدینہ پہنچے تھے۔ یثرب پہنچتے ہی اپنے رفیق جناب مصعب بن عمیرؓ کے ساتھ مل کر لوگوں سے ملاقات کرنے، انہیں پڑھانے اور دین کی دعوت دینے کا سلسلہ شروع کر دیا اور جب نبی کریم ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے جناب عبداللہ بن ابن ام مکتومؓ اور بلال بن رباحؓ کو مؤذن مقرر کیا تا کہ وہ دن میں پانچ مرتبہ کلمہ توحید کا اعلان کریں، انہیں بہترین عمل (صلوۃ) کے لیے بلائیں اور خیر وفلاح پر ابھاریں۔ عموماً جناب بلالؓ اذان دیتے اور جناب ام مکتومؓ اقامت کہتے تھے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ اذان جناب ابن ام مکتومؓ دیتے اور اقامت بلالؓ کہتے تھے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں ان دونوں کی شان ہی نرالی ہوتی تھی۔ جناب بلالؓ رات کے پچھلے پہر اذان دے کر سوتے ہوئے لوگوں کو نیند سے بیدار کرتے اور جناب ابن ام مکتومؓ طلوع فجر کا انتظار کرتے رہتے اور طلوع صبح صادق کے ساتھ ہی نماز کے لیے اذان دے دیتے۔ (4) نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ابن ام مکتومؓ کی عزت افزائی اور قدر دانی کا یہ حال تھا کہ آپ ﷺ نے اپنی عدم موجودگی کے مختلف مواقع پر دَسویوں بار ان کو مدینہ پر اپنا نائب مقرر کیا۔ ان میں سے ایک موقع وہ بھی تھا جب آپ ﷺ نے فتح مکہ کے لیے مدینہ چھوڑا تھا۔

غزوۂ بدر کے بعد اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کی شان کو بڑھاتے اور جہاد سے جی چرانے والوں کے رویے پر ناگواری کا اظہار کرتے ہوئے چند آیات نازل کیں تو جناب عبداللہ بن ابن ام مکتومؓ کے دل پر اس کا گہرا اثر ہوا، انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا ''اے اللہ کے رسول ﷺ اگر میرے پاس استطاعت ہوتی تو میں جہاد میں ضرور شریک ہوتا'' پھر انہوں نے نہایت سوز وگداز کے ساتھ اللہ سے دعا کی کہ وہ ان کے اور ان جیسے دوسرے معذور لوگوں کے بارے میں قرآن نازل فرمائے جو اپنی جسمانی معذوریوں کے سبب سے شرکت جہاد سے محروم رہ جاتے ہیں۔ وہ بڑے خصوع وتضرع کے ساتھ دعا مانگتے ''اللھم انزل عذری..... اللھم انزل عذری... اے اللہ میرے عذر کے متعلق قرآن نازل فرمادے... اے اللہ!...'' اور اللہ تعالیٰ نے جلد ہی ان کی اس دعا کو شرف قبولیت سے نوازدیا۔

کاتب وحی جناب زید بن ثابتؓ کا بیان ہے کہ: ''ایک روز میں نبی کریم ﷺ کے پہلو میں بیٹھا تھا کہ یکا یک آپ ﷺ کا زانوئے مبارک میرے زانو سے جا کر ٹکر گیا۔ اس سے میرے زانو پر زبردست بوجھ پڑنے لگا، ایسا بوجھ کہ اس سے زیادہ وزن میں نے اب تک کسی چیز میں محسوس نہیں کیا تھا۔ جب آپ ﷺ کے اوپر سے یہ کیفیت دور ہوئی تو مجھ سے فرمایا ''کہ زید! لکھو'' اور میں نے لکھا ''**لایستوی القاعدون من المومنین غیر اولی الضرر والمجاھدون فی سبیل اللہ باموالھم و انفسھم**'' (النساء95) ترجمہ: مسلمانوں میں سے وہ لوگ جو گھر میں بیٹھے رہتے ہیں اور جو اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرتے ہیں، دونوں کی حیثیت یکساں نہیں''۔

تو ابن مکتومؓ نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ ''اے اللہ کے رسول ﷺ! جو لوگ جہاد میں شریک ہونے کی استطاعت سے محروم ہیں ان کا کیا ہو؟'' ان کی اس بات کے ختم ہوتے ہی رسول اللہ ﷺ پر پھر وہی کیفیت طاری ہوئی۔ اس بار بھی آپ ﷺ کا زانوئے مبارک میرے زانو پر پڑا اور میں نے وہی وزن محسوس کیا جو پہلی بار کیا تھا۔ پھر جب آپ ﷺ کے اوپر سے نزول وحی کی وہ کیفیت دور ہوئی تو فرمایا: ''زید! جو کچھ لکھا ہے اسے پڑھو'' تو میں نے پڑھا **لایستوی القاعدون من المومنین .... تو آپ نے فرمایا کہ لکھو غیر اولی الضرر** (ترجمہ) کسی معذوری کے بغیر'' (5)۔ اس طرح وہ استثناء نازل ہوا جس کی تمنا جناب ابن ام مکتومؓ اور ان جیسے دوسرے لوگوں نے کی تھی۔ لیکن انہوں نے جہاد میں حصہ لینے کا عزم کر لیا اور کہا کہ ''مجھے دو صفوں کے درمیان کھڑا کر کے علم میرے ہاتھ میں دے دو''۔

دور خلافت جناب عمر بن خطابؓ میں 14 ہجری کو امیرانیوں کے ساتھ جنگ قادسیہ کا معرکہ ہوا۔ تین دن کی سخت خون ریز معرکہ آرائی کے بعد مسلمانوں کو عظیم فتح ملی۔ اس فتح مبین کی قیمت ہزاروں شہداء نے اپنے خون سے ادا کی تھی۔ ان شہیدوں میں جناب عبداللہ ابن ام مکتومؓ بھی تھے جو میدان جنگ میں اپنے خون میں لت پت، علم اسلام کو اپنے کندھے سے چمٹائے ہوئے تھے۔

حوالہ جات

(1) جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس صرف امیہ بن خلف آیا تھا۔ ملاحظہ ہو تفسیر احسن التفاسیر ۷:۲۶۴۔ خود آیت یہی واضح کر رہی ہے۔

(2) صحیح یہ ہے کہ امید بن خلف نے تیوری چڑھائی اور ترش روئی اختیار کی تھی، اس متکبرانہ انداز سے کہ یہ نابینا اور غریب مسلم یہاں کیوں آ گیا ہے۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن ام مکتومؓ کی طرف صرف توجہ مبذول نہیں فرمائی۔ نبی کریم ﷺ پر تیوری چڑھانے کے حوالہ سے اس آیت کے تراجم درست نہیں۔ کیونکہ یہ نبی ﷺ کی شان اخلاق سے فروتر بات ہے۔

(3) جامع ترمذی، ابواب تفسیر القرآن، تفسیر سورۃ عبس، حدیث صحیح الاسناد۔ یہ حدیث صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم اور تفسیر عبدالرزاق میں بھی ہے، بہ حوالہ تفسیر احسن التفاسیر ۷:۲۶۴)

(4) صحیح بخاری، کتاب الاذان، حدیث ۶۲۲ و ۶۲۳ / صحیح مسلم، کتاب الصیام۔

(5) صحیح بخاری، کتاب التفسیر، حدیث ۴۵۹۲۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات [redacted] سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

یہ ماہ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں مزید بہتری اور تجارتی روابط میں اضافے کی طرف اشارہ کررہا ہے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بھی کشیدگی ختم کرنے اور تجارت کو فروغ دینے کو ترجیح دی جائے گی۔ حکومت تعلیم کے میدان میں بہتری لانے اور شرح خواندگی میں اضافے کے حوالے سے اہم اقدامات اٹھاتی نظر آئے گی۔ کھیلوں کو فروغ دینے اور کھیل کے شعبہ کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دی جائے گی۔

ماہ اگست کے آخری دو عشروں میں اپوزیشن جماعتیں کافی زیادہ متحرک اور منفی انداز سیاست اپناتے ہوئے نظر آئیں گی۔ ایک دوسرے پر الزام تراشیوں اور غیر مناسب یا غیر اخلاقی الفاظ کا استعمال بے دریغ ہوگا۔

ہمسایہ ممالک کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی کو ختم کرنے اور ان کی غیر قانونی مداخلت کا منہ توڑ جواب دینے میں فوجی کردار نہایت اہم ہوگا۔ فوج ملکی دشمنان پر اپنی دھاک بٹھانے کے لئے جدید ہتھیاروں کے تجربات بھی کرسکتی ہے۔

اس ماہ کے آخری عشرے سے شروع ہونے والا وقت ملک میں بیرونی سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافے کی طرف اشارہ کررہا ہے۔ دوسرے ممالک پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کو ترجیح دیں گے۔ معدنی ذخائر سے فائدہ اٹھانے کے حوالے سے نئی حکمت عملی بنانے پر زور دیا جائے گا۔



وزیر اعظم نواز شریف صاحب کے لئے یہ ماہ ذہنی لحاظ سے قدرے سکون لے کر آئے گا۔ بہت سی پریشانیوں کو مثبت طریقے سے حل کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ صحت میں بھی بہتری محسوس کریں گے۔ اپوزیشن جماعتوں کا دباؤ اپنی جگہ قائم رہے گا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف صاحب صوبے بھر میں جاری ذرائع آمدورفت کی بہتری کے منصوبے جو قانونی وجوہات کی بنا پر بند تھے یا دیگر کسی وجہ سے سست روی کا شکار تھے تو دوسرے عشرے سے شروع ہونے والا وقت ان کے جاری منصوبوں میں آسانیاں لے کر آرہا ہے اور آئندہ چند ماہ میں یہ اپنے منصوبوں میں بلا کی تیزی دکھاتے ہوئے نظر آئیں گے۔ صوبے میں روزگار کے ذرائع مہیا کرنے اور صنعت وتجارت کو فروغ دینے کے حوالے سے اہم اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ جہاں ان کے صوبے میں ترقیاتی کاموں کی رفتار میں تیزی آئے گی وہیں ان کے مخالفین کی طرف سے ہونے والی تنقید میں بھی اضافہ ہوگا۔

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ صاحب صوبے میں ترقیاتی کاموں میں تیزی اور بہت سے نئے منصوبے شروع کرنے کے حوالے سے کافی متحرک نظر آئیں گے۔ صوبے میں صحت کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نپٹنے کے لئے اس ماہ کے دوسرے عشرے سے خصوصی پالیسی ترتیب دی جائے گی جس پر عملی کام بھی ہوگا۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ پرویز خٹک صاحب اس ماہ کافی متحرک نظر آئیں گے اور صوبے میں نئے منصوبے شروع کرنے کے حوالے سے بھی کافی

کوشاں رہیں گے۔ مگر جاری منصوبے فی الحال اپنے اختتام کو پہنچتے نظر نہیں آتے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان ثناء اللہ زہری صاحب صوبے میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دیں گے۔ صوبے میں غیر قانونی اشیاء اور لوگوں کی آمدورفت میں اضافہ ہوتا ہوا معلوم ہو رہا ہے۔

عمران خان صاحب کے لیے اس ماہ کے پہلے دو عشرے نسبتاً پریشان کن مرحلوں سے گزرنے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ البتہ ماہ کے آخری عشرے میں قدرے بہتری آئے گی۔ اس ماہ کے پہلے دو عشرے انہیں سکون اور بغیر کسی غلط بیان بازی سے گزارنے کی ضرورت ہے کیونکہ ماہ کے آخر سے شروع ہونے والا وقت ان کے لئے زیادہ مناسب اور بہتر ہے۔

سٹاک مارکیٹ

ماہ کی شروعات قدرے تیزی سے ہوگی اور مجموعی طور پر پہلے دو عشرہ یہی رجحان رہے گا۔ البتہ 14 تا 24 تاریخ کا عرصہ اونچ نیچ کے ساتھ مندی کو ظاہر کر رہا ہے۔ آخری ہفتے میں تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

مالیاتی ادارے

ماہ کے شروعات قدرے تیزی ہوگی البتہ مجموعی طور پر کوئی خاص بہتری نہ آئے گی۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

اس سیکٹر میں مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔

انرجی سیکٹر

پہلا عشرہ قدرے تیزی کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے عشرے میں ملا جلا رجحان رہے گا۔ ماہ کے اختتام پر بھی تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

فوڈ سیکٹر

پہلے دو ہفتے نسبتاً بہتری کو ظاہر کر رہے ہیں البتہ باقی عرصے میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔

ٹیلی کام سیکٹر

مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا البتہ دوسرے عشرہ میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی آئے گی۔

سیمنٹ سیکٹر

یکم تا 24 تاریخ تک اونچ نیچ کے ساتھ قدرے بہتری رہے گی البتہ ماہ کا آخری ہفتہ میں کام زیادہ ہوگا اور تیزی آئے گی۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کے حوالے سے کوششوں میں تیزی آئے گی۔ فی الوقت ملک میں بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دے گا۔ صحت کے مسائل میں بھی اضافہ ہوگا خصوصاً عورتوں میں جنسی مسائل بڑھیں گے۔

ملک میں فصلوں کی پیداوار کو بہتر بنانے اور پانی کے نظام میں بہتری لانے کے حوالے سے کام ہوگا جس کے مثبت نتائج آئیں گے۔ بعض ممالک کے ساتھ کشیدگی بڑھے گی۔ ہمسایہ ممالک سے بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے اور تعلقات بحال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

برطانیہ

معاشی لحاظ سے ایک بہتر وقت ہے۔ اسٹاک مارکیٹ میں مجموعی طور پر تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات میں بہتری آئے گی ملک میں بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور طب کے میدان میں مزید کامیابیاں ملنے کی توقع ہے۔

چین

دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں مزید بہتری آئے گی نیز ملک کے اندر اور باہر جاری منصوبوں میں خاطر خواہ تیزی اور بہتری دیکھنے کو ملے گی۔ معاشی لحاظ سے بھی ایک بہتر وقت ہے۔ بے روزگاری کی شرح میں کمی آئے گی۔ ملک میں قانون ساز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کافی متحرک نظر آئیں گے۔ لوگوں کو جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

انڈیا

ملک میں ہسپتالوں کے نظام کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے گی مگر اس سے کوئی خاطر خواہ فائدہ ہوتا نظر نہیں آتا۔ عوام کی بڑھتی ہوئی ہسپتالوں کی ضروریات پر قابو پانا ایک مشکل امر نظر آتا ہے۔ ملک میں ذرائع آمدورفت اور انرجی سیکٹر کی بہتری کے حوالے سے بہت سے نئے منصوبے شروع ہوں گے۔ دوسرے ممالک کی سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔

ایران

دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے اور تجارتی سرگرمیوں کو بحال کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ لوگوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ فصلوں کی پیداوار میں بہتری آئے گی۔

اس ماہ کے خاص عملیات روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

مردانہ قوت کے لئے

اوج مریخ

	ابتداء اوج مریخ	اختتام اوج مریخ
تاریخ	17-08-2017	19-08-2017
وقت	18:24:44	07:59:53

وہ حضرات جو وقت سے قبل بوڑھے ہو گئے ہیں یا کسی بیماری یا دیگر کسی وجوہات کے باعث قوت باہ اور شہوت کے مسائل کا سامنا ہو تو اس سنہرے وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ایک صحت مند و توانا شخص اچانک ہی اپنی قوت کھونے لگ جاتا ہے یا اکثر اوقات کسی حکیم سے لیا گیا نسخہ بھی اس پر الٹا اثر کر دیتا ہے یا ایک سے زائد شریک حیات کی صورت میں بعض دفعہ ایک کے ساتھ تعلقات بہتر رہتے ہیں مگر دوسری کے ساتھ وہ تعلق نہیں بن پاتا۔ ایسی صورتحال میں سب سے پہلے آپ کو اپنے مرض کی تشخیص کروانے کی ضرورت ہے کہ آیا کہ آپ کو صرف مردانہ کمزوری ہے یا آپ پر جادو کے اثرات ہیں یا آپ پر کسی نے شہوت کی بندش کا عمل کیا ہے۔ ایسے معاملات میں زیادہ تر کالے جادو کے اثرات عام محسوس ہو جاتے ہیں اور اگر بروقت اس کا علاج کروالیا جائے تو جلد صحت یاب ہونے کی توقع بڑھ جاتی ہے بصورت دیگر جادو کے اثرات قوی ہونے کے ساتھ ساتھ مرض بھی شدت اختیار کر جاتا ہے جس سے صحت یابی مشکل یا لمبی ہو جاتی ہے۔

اگر آپ اپنے ساتھ ایسے معاملات دیکھیں تو فی الفور اپنا روحانی علاج کروائیں۔ نیز درج ذیل عمل بھی آپ کے لئے پیش کیا جا رہا ہے تاکہ آپ خود اس کو با آسانی تیار کر سکیں۔

اسماء الحسنیٰ:

یااللہ یاقوی یا اول یا خالق یا والی یا معید

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
یااللہ یاقوی یا اول یاخالق یاوالی یامعید			
۲۸۳	۲۸۰	۲۷۲	۲۸۶
۲۷۳	۲۸۵	۲۸۴	۲۷۹
۲۸۸	۲۷۴	۲۷۸	۲۸۱
۲۷۷	۲۸۲	۲۸۷	۲۷۵
یااللہ یاقوی یا اول یاخالق یاوالی یامعید			

تکسیر:

ال ل ہ ق و ی او ل خ ال ق و ال ی م ع ی د
د ای ل ع ل م ہ ی ق ل و ای و اق و ل ل اخ
خ د اال ی ل ل و ع ق ل ام و ہ ی ی اق و ل
ل خ و د ق ااای ل ی ی ہ ل و ل م و اع ل ق
ق ل ل خ ع و اد و ق م ال او ال ی ہ ل ی ی
ی ق ی ل ل ل ہ خ ی ع ل و ااو د او ل ق ام

م ی اق ق ی ل ل و ل ال د ہ و خ ای اع و ل
ل م و ی ع اا ق ی ق ای خ ل و ل ہ و د ل ل ا
ال ل م ل و د ی و ع ہ ال او ق ل ی خ ق ی ا
اای ل ق ل خ م ی ل ل و ق د و ی او ل ع اہ
ہااع ی ل ل و ق ال ی خ و م د ی ق ل و ل
ل ہ و ال اق ای ع د ی م ل و ل خ و ی ق ل ا
ال ل ہ ق و ی او ل خ ال ق و ال ی م ع ی د

تکسیر کو زعفران سے تیار کر کے مریض کو پینے کے لیے دیں۔ تکسیر کا پانی 11 دن استعمال کروائیں۔ بادی چال سے دو عدد نقش تانبے کی پتری پر تیار کریں۔ ایک مریض کو گلے میں پہننے کے لئے دیں، دوسرا کمرے میں کسی اونچی جگہ پر لٹکائیں۔ ایک بات کا خصوصی خیال رکھیں جادو اور بندش میں جکڑے مریضوں کو پہلے بخور نورانی استعمال کروائیں۔ اس کے بعد یہ عمل کریں۔ بخور نورانی آپ کو ادارے سے با آسانی مل جائے گا۔ نیز درج بالا اسماء الحسنٰی مریض اس کے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق ورد کرنے کے لئے بھی دیں۔

صدقہ: تین عدد سرخ / مکس رنگ کے دیسی مرغے اور دال چنا حسب توفیق صدقہ کے طور پر دیں۔

بخور: مشک کی اگربتی سلگائیں اور عطر مریخ کا استعمال کریں۔

بیماریوں سے نجات

اوج مریخ

	ابتداء اوج	اختتام اوج
تاریخ	17-08-2017	19-08-2017
وقت	18:24:44	07:59:53

وہ مرد و خواتین جو جسمانی کمزوری کا شکار ہوں اور اس کی وجہ سے مختلف طرح کی بیماریوں نے انہیں گھیر لیا ہو تو ایسی صورتحال میں درج ذیل نقش کو استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی مثبت اثر دیکھیں گے۔

بعض افراد کسی نہ کسی بیماری کا شکار رہتے ہیں یا اکثر کھیل کود میں چوٹ لگوا لیتے ہیں تو ایسی صورت میں یہ نقش ان کی حفاظت اور صحت کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ نقش آپ خود بھی زعفران سے تیار کر کے استعمال کر سکتے ہیں۔

اسماء الحسنٰی:

یااللہ یا سلام یا والی یا رحمٰن یا قیوم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
یااللہ یا سلام یا والی یا رحمٰن یا قیوم			
۱۷۷	۱۷۴	۱۶۷	۱۸۰
۱۶۸	۱۷۹	۱۷۸	۱۷۳
۱۸۲	۱۶۹	۱۷۲	۱۷۵
۱۷۱	۱۷۶	۱۸۱	۱۷۰
یااللہ یا سلام یا والی یا رحمٰن یا قیوم			

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
یااللہ یا سلام یا والی یا رحمٰن یا قیوم			
۱۸۰	۱۶۷	۱۷۴	۱۷۷
۱۷۳	۱۷۸	۱۷۹	۱۶۸
۱۷۵	۱۷۲	۱۶۹	۱۸۲
۱۷۰	۱۸۱	۱۷۶	۱۷۱
یااللہ یا سلام یا والی یا رحمٰن یا قیوم			

آبی چال سے تین عدد نقش تیار کریں اور مریض کو پینے کے لئے دیں۔ بیماری پرانی ہو تو سات عدد نقش تیار کریں۔ ایک نقش کا پانی تین دن استعمال کریں۔ بادی چال سے تیار کئے گئے نقش کو مریض کے گلے میں ڈالیں۔

صدقہ: سرخ لوبیا بطور صدقہ دیں۔

بخور: مریخ کا بخور اور عطر استعمال کریں۔

دماغ بند کرنے کے لئے

ہبوط قمر

	ابتداء ہبوط	اختتام ہبوط

تاریخ	26-08-17	26-08-17
وقت	17:43:08	19:38:39

اگر آپ کا کوئی دشمن یا مخالف آپ کے لئے دردسر بن چکا ہو اور آپ اس کی سازشوں اور حرکات سے تنگ آ چکے ہوں تو ایسی صورت میں اپنے دشمن کے دماغ کو بند کرنے اور اس کے سازشی دماغ سے بچنے کے لئے یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ اس کے زود اثر نتائج سے حیران رہ جائیں گے۔

البتہ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کسی کے ساتھ غلط یا ناجائز نہ کریں۔ نیز اجازت کے بغیر عمل نہ کریں ورنہ نتائج کے آپ خود ذمہ دار ہونگے۔

اسماءالحسنٰی:

یااللہ یا قابض یا خافض یا جبار یا قہار

9 عدد کیل لیں اور 3 عدد بکرے کی سریاں لیں۔ درج بالا پڑھائی کو کیلوں پر دشمن کے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق کریں۔ پھر یہ بکرے کے سر میں تین تین کیل اس طرح ٹھونکیں کہ آپ یہ خیال کریں کہ یہ کیل آپ دشمن کے سر میں ٹھونک رہے ہیں تاکہ اس کی ذہنی پریشانیوں میں اضافہ ہو اور وہ آپ کے خلاف سازشیں نہ کرے۔ پھر ان تینوں سریوں کو الگ الگ تباہ حال قبر میں دفنا دیں۔

انشاءاللہ سات دنوں کے اندر اندر آپ کو اس کے نتائج ملنے لگ جائیں گے۔

صدقہ: کالا مرغ بطور صدقہ دیں۔

بخور: بخور نحس اعمال کا سلگائیں نیز عطر مشک کا استعمال کریں۔

دماغی صحت وتندرستی کے لیے

عطارد تسدیس زہرہ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	09-08-17	10-08-17	11-08-17
وقت	11:12:00	14:03:00	14:28:00

دماغ سے متعلق تمام امراض کے حل اور دماغی چستی کے لیے یہ لوح نہایت مجرب ہے۔ طالبعلم بھی اس لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نیز وہ لوگ جو ایسے کام کرتے ہوں جس میں ذہنی مشقت زیادہ ہو یا ذہن جلد تھک جاتا ہو تو اس صورت میں بھی یہ لوح استعمال کریں۔ آپ اس لوح کو اپنی ذات کے لیے خود بھی تیار کر سکتے ہیں۔

اسماءالحسنٰی:

یااللہ یاسلام یا علیم یا واسع یا حکیم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
یااللہ یاسلام یا علیم یا واسع یا حکیم			
۱۴۶	۱۳۳	۱۴۰	۱۴۳
۱۳۹	۱۴۴	۱۴۵	۱۳۴
۱۴۱	۱۳۸	۱۳۵	۱۴۸
۱۳۶	۱۴۷	۱۴۲	۱۳۷
یااللہ یاسلام یا علیم یا واسع یا حکیم			

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم			
یااللہ یاسلام یا علیم یا واسع یا حکیم			
۱۴۳	۱۴۰	۱۳۳	۱۴۶
۱۴۴	۱۴۵	۱۴۴	۱۳۹
۱۴۸	۱۳۵	۱۳۸	۱۴۱
۱۳۷	۱۴۲	۱۴۷	۱۳۶
یااللہ یاسلام یا علیم یا واسع یا حکیم			

آبی چال سے تیار کیے گئے نقش کو پانی میں گھول کر 7 دن تک پئیں۔ بادی چال سے 2 عدد نقش تیار کریں۔ 1 نقش مریض کے گلے میں پہنائیں۔ دوسرا نقش بادام کے درخت کے ساتھ لٹکا دیں۔

صدقہ: میٹھے چاول، بادام، گری اور دیگر لوازمات کے ساتھ پکا کر تقسیم کریں۔

بخور: عطارد کا بخور جلائیں۔

اگربتیاں

الکوحل اور دیگر نجاست سے پاک عود، مشک، عنبر، زعفران، صندل، بخور، حب وسعادت، بغض ونحوست، لوبان گلاب اور دیگر اگربتیاں دستیاب ہیں۔

خالد روحانی جنتری.....اگست 2017 / ذالقعد 1438 / ساون 2074

ماہانہ تقویم																					
دن	اگست	ذالقعد	ساون	اسد			لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
							طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
منگل	1	8	17	11	س	2	05:19	18:59	05:58	18:18	05:25	19:15	05:51	19:26	05:20	19:08	05:33	19:09
بدھ	2	9	18	12	س	3	05:19	18:58	05:58	18:18	05:26	19:14	05:51	19:25	05:21	19:07	05:34	19:08
جمعرات	3	10	19	13	ن	4	05:20	18:57	05:59	19:17	05:26	19:13	05:52	19:25	05:21	19:06	05:35	19:07
جمعہ	4	11	20	14	س	5	05:21	18:57	05:59	19:16	05:27	19:12	05:53	19:24	05:22	19:05	05:35	19:07
ہفتہ	5	12	21	15	س	6	05:21	18:56	06:00	19:16	05:28	19:11	05:53	19:23	05:23	19:05	05:36	19:06
اتوار	6	13	22	16	ن	7	05:22	18:55	06:00	19:15	05:29	19:10	05:45	19:22	05:24	19:04	05:36	19:05
پیر	7	14	23	17	س	8	05:23	18:54	06:01	19:14	05:29	19:09	05:45	19:21	05:24	19:03	05:37	19:04
منگل	8	15	24	18	س	9	05:23	18:53	06:01	19:13	05:30	19:08	05:55	19:20	05:25	19:02	05:38	19:03
بدھ	9	16	25	19	ن	1	05:24	18:52	06:02	19:13	05:31	19:07	05:56	19:20	05:26	19:01	05:38	19:02
جمعرات	10	17	26	20	م	2	05:24	18:51	06:02	19:12	05:32	19:06	05:56	19:19	05:26	19:00	05:39	19:02
جمعہ	11	18	27	21	س	3	05:25	18:50	06:03	19:11	05:32	19:05	05:57	19:18	05:27	18:59	05:39	19:01
ہفتہ	12	19	28	22	س	4	05:26	18:49	06:03	19:10	05:33	19:04	05:57	19:17	05:28	18:58	05:40	19:00
اتوار	13	20	29	23	م	5	05:26	18:48	06:04	19:09	05:34	19:03	05:58	19:16	05:29	18:57	05:41	18:59
پیر	14	21	30	24	ن	6	05:27	18:47	06:04	19:09	05:34	19:02	05:59	19:15	05:29	18:56	05:41	18:58
منگل	15	22	31	25	س	7	05:28	18:46	06:05	19:08	05:35	19:01	05:59	19:14	05:30	18:55	05:42	18:57
بدھ	16	23	32	26	س	8	05:28	18:45	06:05	19:07	05:36	19:00	06:00	19:13	05:31	18:45	05:42	18:56
جمعرات	17	24	بھادوں	27	ن	9	05:29	18:44	06:06	19:06	05:37	18:59	06:00	19:12	05:31	18:52	05:43	18:55
جمعہ	18	25	2	28	س	1	05:30	18:43	06:06	19:05	05:37	18:57	06:01	19:11	05:32	18:51	05:43	18:54
ہفتہ	19	26	3	29	س	2	05:30	18:42	06:06	19:04	05:38	18:56	06:02	19:10	05:33	18:50	05:44	18:53
اتوار	20	27	4	30	س	3	05:31	18:41	06:07	19:03	05:39	18:55	06:02	19:09	05:33	18:49	05:45	18:52
پیر	21	28	5	31	ن	4	05:31	18:40	06:07	19:02	05:39	18:54	06:03	19:08	05:34	18:48	05:45	18:51
منگل	22	29	6	32	س	5	05:32	18:39	06:08	19:01	05:40	18:53	06:03	19:07	05:35	18:47	05:46	18:50
بدھ	23	30	7	سنبلہ	ن	6	05:33	18:37	06:08	19:00	05:41	18:51	06:04	19:06	05:35	18:45	05:46	18:49
جمعرات	24	ذالحجہ	8	2	س	7	05:33	18:36	06:09	19:00	05:42	18:50	06:04	19:04	05:36	18:44	05:47	18:48
جمعہ	25	2	9	3	س	8	05:34	18:35	06:09	18:59	05:42	18:49	06:05	19:03	05:37	18:43	05:48	18:46
ہفتہ	26	3	10	4	ن	9	05:35	18:34	06:09	18:58	05:43	18:48	06:06	19:02	05:38	18:42	05:48	18:45
اتوار	27	4	11	5	س	1	05:35	18:33	06:10	18:57	05:44	18:46	06:06	19:01	05:38	18:40	05:49	18:44
پیر	28	5	12	6	ن	2	05:36	18:32	06:10	18:56	05:44	18:45	06:07	19:00	05:39	18:39	05:49	18:43
منگل	29	6	13	7	س	3	05:36	18:30	06:11	18:55	05:45	18:44	06:07	18:59	05:40	18:38	05:50	18:42
بدھ	30	7	14	8	ن	4	05:37	18:29	06:11	18:54	05:46	18:43	06:08	18:58	05:40	18:37	05:50	18:41
جمعرات	31	8	15	9	ن	5	05:38	18:28	06:12	18:53	05:47	18:41	06:08	18:56	05:41	18:35	05:51	18:40

مون سٹون

کشش کے لیے

وہ جو محسوس کرتے ہیں کہ جنس مخالف ان میں دلچسپی نہیں لیتی یا توجہ کی کمی ہے یا ان میں کشش یا دل کشی کے حوالے سے کمی پائی جاتی ہے تو اس مسئلہ کے حل کے لیے مون سٹون کا استعمال کریں۔ مرد ہو یا عورت مون سٹون خاص قسم کی کشش اور جذبی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ اصل پتھر دستیاب ہے۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش وعملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم وعملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت ونحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر.....یعنی نقش، تعویذ وعمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد تسدیس زہرہ	09-08-2017 11:12	10-08-2017 14:03	11-08-2017 14:28	ذاتی حوالے سے بھی اچھی نظر ہے اور جاری کواکبی اُمور کے حوالے سے بھی موثر ہے۔ الواح و نقوش تیار کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔
شمس تسدیس مشتری	09-08-2017 20:40	11-08-2017 02:25	12-08-2017 08:13	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل ولوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
شمس تثلیث زحل	13-08-2017 01:37	14-08-2017 02:07	15-08-2017 02:39	اعمال سعد کے لیے موثر۔ اثر دیر پا نہ ہوگا۔
زہرہ تربیع مشتری	16-08-2017 12:03	17-08-2017 11:40	18-08-2017 11:17	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی محس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی محس کام کے لیے موثر نہیں۔
مریخ تسدیس مشتری	18-08-2017 18:47	20-08-2017 21:43	23-08-2017 01:03	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل ولوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
مریخ تثلیث زحل	21-08-2017 05:06	22-08-2017 18:22	24-08-2017 07:48	یہ کواکبی حالت 40 تا 50 فی صد تک سعد اعمال میں کامیابی کی مظہر ہے۔ بہت ضروری نہ ہو تو اگلے کسی وقت عمل کر لیں۔
مشتری تسدیس زحل	22-08-2017 00:42	27-08-2017 17:16	02-09-2017 11:13	گو سعد نظر ہے تاہم بہت زیادہ قوی نہیں ہے۔ کیے گئے اعمال کے نتائج کم وبیش 50 فی صد تک کامیابی لیے ہوں گے۔
عطارد قران شمس	26-08-2017 12:53	27-08-2017 01:43	27-08-2017 14:36	ایک ملا جلا وقت ہے جس میں عام عامل کا کام کرنا زیادہ موزوں نہیں۔

مرجان

مایوسی اور ناکامی کا خاتمہ

مرجان انسانی ذہن کو تبدیل کرنے، اس کو جلا بخشنے، مایوسی کو امید سے بدلنے، ناکامی کو کامیابی سے بدلنے، منفی سوچ کو مثبت سوچ سے بدلنے جیسے اثرات کا حامل ہے۔ آپ بھی اگر اپنے اندر ایسی مثبت تبدیلی چاہتے ہیں تو اس کو استعمال کریں۔

شرف قمر

تحریر: خالد اسحٰق راٹھور

شرف قمر اور اوج قمر کا وقت ہر ماہ آتا ہے۔ شرف قمر اور دیگر کواکب کے شرف کے فوائد میں ایک بڑا فرق ہے۔ علاوہ شرف قمر پر کوکب سے منسوب معاملات ہی کے حوالے سے شرفی اوقات میں عملیاتی اور روحانی اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔ یعنی شمس کے شرف اوقات میں شمس کے منسوبات کے حوالے سے ہی کام کیا جاسکتا ہے اور اسی طرز دیگر کواکب کے اوقات میں صرف ان کے منسوبی امور سے متعلق کام کیے جاتے ہیں۔ تاہم شرف قمر کو ایک خاص اہمیت یہ حاصل ہے کہ اس وقت میں کسی بھی سعد مقصد کے لیے عمل تیار کیا جاسکتا ہے۔

مال و دولت کے امور مشتری سے منسوب ہیں لیکن شرف قمر میں آپ مال و دولت کے اعمال تیار کر سکتے ہیں۔ مریخ کا تعلق طاقت توانائی اور جنس وغیرہ سے ہے لیکن ایسے اعمال کے لیے بھی شرف قمر کے وقت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ گو یہ بات اپنی جگہ اہم ہے کہ قمر کے اوقات میں دیگر کواکب سے منسوب امور کے اعمال وقتی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے تو موثر ہو سکتے ہیں لیکن مشتری یا زحل کے اثرات کے حوالے سے ان کے طویل المدت نہیں کہا جاسکتا۔ شرف شمس یا زحل کے اثرات کا دورانیہ قمر کی نسبت زیادہ ہے اور دیگر کواکب کے حوالے سے بھی یہی معاملہ ہے بہرحال شرف قمر یا اوج قمر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس وقت صرف قمر سے منسوب اعمال ہی نہیں بلکہ کسی بھی دیگر امر کے لیے روحانی و عملیاتی کاوش کی جاسکتی ہے۔

وہ جو نجوم سے واقفیت رکھتے ہیں جانتے ہیں کہ قمر زائچہ میں ایک قوی الاثر کوکب مانا جاتا ہے طالع پیدائش کی طرح طالع قمری کی اپنی ایک خاص اہمیت اور اثر ہے۔

انسانی ذہن اور توانائی

قمر انسان کی ذہنی صلاحیتوں، توانائی اور روزمرہ طرز عمل سے بہت قریبی تعلق رکھتا ہے۔ زندگی میں انسان کیا رویہ اختیار کرتا ہے دوران گفتگو کس طرح پیش آتا ہے۔ سامنے آنے والے کسی بھی معاملہ کے بارے میں اس کا رویہ طرز عمل اور گفتگو کیا ہوتی ہے۔ سب قمر کی زائچہ میں حالت پر منحصر ہوتا ہے۔ ذیل میں ایک عمل اس حوالے سے ہی تحریر ہے جو خاص طور پر ایسے حالات میں مفید ثابت ہوتا ہے جب فرد اپنے خیالات پر قادر نہ ہو گفتگو میں اور دوسروں کے ساتھ آمنے سامنے بات چیت مشکل لگتی ہو، اعتماد کی اس حوالے سے کمی ہو، طرز گفتگو معیاری اور مناسب نہ ہو یا ایسی کوئی ملتی جلتی صورت حال بھی ہو تو اس عمل کے ذریعے فائدہ پہنچے گا۔

/عمومی عمل یوں ہوگا۔

اسماء الٰہی برائے عمل

یا اللہ، یا علیم، یامصور، یا رافع، یا حکیم، یا نافع،

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش آبی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۶۲۱۱	۶۱۹۸	۶۲۰۵	۶۲۰۸

٦٢٠٤	٦٢٠٩	٦٢١٠	٦١٩٩
٦٢٠٦	٦٢٠٣	٦٢٠٠	٦٢١٣
٦٢٠١	٦٢١٢	٦٢٠٧	٦٢٠٢

بادی چال

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

نقش بادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٦٢٠٨	٦٢٠٥	٦١٩٨	٦٢١١
٦١٩٩	٦٢١٠	٦٢٠٩	٦٢٠٤
٦٢١٣	٦٢٠٠	٦٢٠٣	٦٢٠٦
٦٢٠٢	٦٢٠٧	٦٢١٢	٦٢٠١

مندرجہ بالا اسماء الحسنیٰ کی بنیاد پر تکسیر دو دو حروف چھوڑ کر بنائی گئی ہے اس کو آگے دیے طریق کے مطابق استعمال کریں۔

تکسیر:

ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل
ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ
ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل
م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م
و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص
ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر
ف ع ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا
ح ک ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع
ی م ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک
ن ا ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م
ف ع ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا
ا ل ل ہ ع ل ی م م ص و ر ر ا ف ع ح ک ی م ن ا ف ع

ذاتی عمل

ذاتی عمل کے لیے فرد کا نام بمعہ نام والدہ مندرجہ بالا اسماء کے اندر شامل کرلیں۔ کل اعداد کے مطابق دی گئی چال سے دونوں نقوش مکمل کر لیں۔ کچھ محنت کرنا چاہیں تو بسط حرفی کی تکسیر دو، دو الفاظ چھوڑ کر کریں۔ وسط تکسیر سے درمیانی سطر حاصل کریں اور اس کو نقش کے اطراف میں تحریر کردیں۔

طریقہ استعمال

عمومی یا ذاتی جو بھی نقش ہو اس کو سات کی تعداد میں تیار کریں اور ان نقوش کو سائل کو استعمال کرنے کے لیے دیں یہ نقش آبی چال والے ہوں گے۔ تعویز یا لوح تیار کرنے کے لیے بادی چال والے نقش کو استعمال کریں۔ عمومی یا ذاتی عمل کی تکسیر تحریر کر کے تمام سطور کی الگ الگ بتیاں بنالیں اور ہر اتوار کے دن بخور سعد کے ساتھ دھونی دیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

خوبصورت بچہ/اولاد

وہ جن کی خواہش ہو ان کے گھر پیدا ہونے والی اولاد جاذب نظر خوبصورت اور صاف رنگت والی ہو۔ ان کے لیے بھی شرف قمر کے وقت عمل تیار کیا جاسکتا ہے۔ عموماً لوگوں کو یہ بات زیادہ سمجھ نہیں آئے گی کہ کیا ایسا ممکن ہے کہ ابھی بچہ پیدا ہوا نہیں تو اس کے رنگ روپ کو کیسے سنوارا جاسکتا ہے۔

بلڈ سٹون
دلیری اور بہادری
آپ میں یا آپ کے بچہ میں چاہے لڑکا ہو یا لڑکی یا کسی اور فرد میں دلیری اور بہادری کی کمی ہے تو اس کو بلڈ سٹون استعمال کروائیں۔ دماغ سے خوف دور ہوگا۔ یہ پتھر گو زیادہ قیمتی نہیں لیکن ہے کم یاب، توجہ سے خریدیں۔

لیکن اگر آپ اپنی سوچ کو وسعت دیں اور کلام الٰہی پر یقین رکھیں تو ایسا ہونا ممکن ہی نہیں یقینی ہے۔ اس حوالے سے ذیل کا عمل موثر ثابت ہوگا۔

اسماء الٰہی برائے عمل

یا اللہ، یاوارث، یا باقی، یا مصور، یا نور، یا مجیب

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش آبی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸۸۲۱	۸۸۰۷	۸۸۱۴	۸۸۱۷
۸۸۱۳	۸۸۱۸	۸۸۲۰	۸۸۰۸
۸۸۱۵	۸۸۱۲	۸۸۰۹	۸۸۲۳
۸۸۱۰	۸۸۲۲	۸۸۱۶	۸۸۱۱

طریقہ استعمال

مندرجہ بالا نقش ایک تولہ چاندی کی پلیٹ پر کندہ کروائیں۔ عمل عین شرف قمر کے اوقات میں اور اگر ساعت قمر یا زہرہ مل جائے تو اور بہتر۔ اب کرنا یہ ہے کہ نئے چاند سے روزانہ اس لوح کو آگ پر گرم کریں اور یک دم آدھا گلاس پانی میں ڈال دیں۔ یہ پانی حاملہ کو پینے کے لیے دیں۔ یہ عمل روزانہ چاند کے مکمل ہونے تک کرنا ہے۔ جب چاند مکمل ہو جائے تو اس عمل کو چھوڑ دیں اور پھر اگلے قمری ماہ نئے چاند سے یہ عمل پھر سے شروع کریں۔ اختتام حمل تک اس عمل کو اسی طرح کرتے رہنا ہے۔ انشاء اللہ جو اولاد پیدا ہو گی وہ جاذب نظر، کھلی رنگت والی اور دل کو سکون دینے والی ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ کوشش کریں آپ کا گھر اس عرصہ صاف ستھرا اور خوبصورت نظر آئے۔ زوجین میں باہم محبت کے حالات اور حاملہ کو ذہنی سکون میسر ہو۔ بیڈ روم خاص طور پر خوبصورت بچوں کی تصاویر لیے ہوئے ہو یا سب کام بھی حصول مقصد کے حوالے سے خوشگوار اثرات رکھتے ہیں اور جو عمل آپ کر رہے ہیں اس کی مزید تقویت کا باعث بنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قادر و مصور ہے اس کی ذات پر یقین رکھ کر یہ عمل کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

بچوں کے صحت کے مسائل

چھوٹی عمر میں صحت کے مسائل عام بات ہے۔ بچوں کا جسم پھول کی طرح ہوتا ہے گرمی سردی، گرد و غبار، مزاج اور ماحول مختلف امراض کا شکار کرنے کا باعث ہوتے ہیں۔ تاہم عمومی حالت سے ہٹ کر وہ بچے جو عموماً کسی نہ کسی بیماری کا شکار رہیں۔ ایک بیماری سے نکلے تو دوسری، ایک مسئلہ حل ہوا تو نیا پیدا ہو گیا یا ایک بیماری بار بار ہو جاتی ہو تو اس کے روحانی و عملیاتی علاج کے لیے شرف قمر کا وقت بہت اچھے نتائج لائے گا۔ بچوں کے تمام جسمانی مسائل و امراض کے حل کے لیے ذیل میں ایک موثر عمل پیش کر رہا ہوں توجہ سے کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اسماء الٰہی برائے عمل

یا اللہ، یاقوی، یا حفیظ، یا حی، یارشید، یا سلام

نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حی	حفیظ	قوی	اللہ
رشید	حی	حفیظ	قوی
سلام	رشید	حی	حفیظ
اللہ	سلام	رشید	حی

ال ہ ق و ی ح ف ظ ر ش د س م

طریقہ استعمال

مندرجہ بالا نقش کو شیشے یا چینی کی پلیٹ پر زعفران سے تحریر کریں اور بچہ کو شہد کے ساتھ ملا کر دیں۔ انشاء اللہ صحت کے مسائل حل ہوں گے۔

مناسب وقفہ سے حسب استطاعت پرندوں اور جانوروں کے زندہ بطور صدقہ دے یا آزاد چھوڑ دے۔

نظر

بچوں کو نظر لگنے کا معاملہ بھی بہت اہم ہے۔ بچپن میں انسان معصوم ہوتا ہے۔ غلطیوں اور خطاؤں کی تعداد نہ ہونے کے برابر یا کم ہوتی ہے۔ اس لیے جاذب نظر ہوتا ہے۔ بعض بچے دوسروں کی نسبت زیادہ دلکش یا اچھی خوبیوں اور صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں۔ صرف انسان کی شکل ہی نہیں اس کی عقل اور اس کی خوبیاں اور ہنر بھی اس کا دشمن ہوتا ہے۔ کسی کو بھی کسی عیب کی وجہ سے نظر نہیں لگتی۔

اسماء الحسنیٰ برائے عمل

یا اللہ، یا حفیظ، یا حکیم، یا خافض، یا باقی، یا سلام

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۵۰۵۴	۱۵۰۵۱	۱۵۰۴۴	۱۵۰۵۸
۱۵۰۴۵	۱۵۰۵۷	۱۵۰۵۵	۱۵۰۵۰
۱۵۰۶۰	۱۵۰۴۶	۱۵۰۴۹	۱۵۰۵۲
۱۵۰۴۸	۱۵۰۵۳	۱۵۰۵۹	۱۵۰۴۷

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۵۰۵۸	۱۵۰۴۴	۱۵۰۵۱	۱۵۰۵۴
۱۵۰۵۰	۱۵۰۵۵	۱۵۰۵۷	۱۵۰۴۵
۱۵۰۵۲	۱۵۰۴۹	۱۵۰۴۶	۱۵۰۶۰
۱۵۰۴۷	۱۵۰۵۹	۱۵۰۵۳	۱۵۰۴۸

طریقہ استعمال

مندرجہ بالا نقش کو حسب استطاعت کاغذ یا کسی دھات پر کندہ کروا کر استعمال میں لائیں۔ اس مقصد کے لیے بادی چال والا نقش استعمال ہوگا۔

آبی چال والے نقش کو پانی میں گھول کر بچہ کو اکیس دن تک پلائیں۔

نقش زعفران سے تحریر کرنا ہے۔ عاملوں میں ایک بڑی بیماری آ گئی ہے کہ بہت سے پیر فقیر سرخ پن یا بال پوائنٹ کا استعمال یا فوٹو کاپی والے نقش استعمال کرواتے ہیں جو بالکل غلط اور صحت کے لیے نقصان دہ ہونے کے ساتھ ساتھ فن نقوش کے اصولوں پر پورے نہیں اترتے۔

راہنمائے تل شناسی

تلوں کے موضوع پر یہ سب سے پہلی اور جامع کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر اس طرح کی کوئی کتاب شائع نہ ہوئی ہے۔ اس کتاب میں انسانی جسم کے تمام حصوں پر تلوں کے اثرات اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ عورت یا مرد کے حوالے سے تلوں کے اثرات و احکام میں کیا فرق ہے؟ یہ امر اس کتاب کی اہم خاصیت ہے۔

جسمانی امراض سے صحت

قسط نمبر:4

(جواہراتی طلسمات اور ان کے سحری اثرات)

ورم نزخرہ (Bronchitis)

پھیپھڑوں میں موجود ہوا کی نالیوں کی سوزش کو برونکائٹس کہا جاتا ہے۔ یہ دو طرح کا ہوتا ہے۔

☆ حاد

☆ مزمن

اول الذکر میں بڑی ہوا کی نالی متاثر ہوتی ہے یا پھر ہوا کی چھوٹی نالیاں نمونیا کی وجہ سے متاثر ہوتی ہیں جبکہ ہوا کی بڑی نالی خود بخود بیمار پڑ جاتی ہے۔ یہ زیادہ تر وائرس کے ذریعہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے ناک اور گلے میں انفیکشن ہو جاتی ہے۔ ساتھ ہی بیکٹریا کی انفیکشن بھی ہو جاتی ہے۔ پھیپھڑوں میں موجود ہوا کی نالیوں میں دھوئیں، نقصان دہ بو اور ٹھنڈی ہوا کی وجہ سے بہت جلد انفیکشن ہو جاتی ہے۔ اس مرض کی انفیکشن حساس لوگوں میں زیادہ ہوتی ہے۔ حاد برونکائٹس کے حملے کے بعد ناک میں ٹھنڈک یا گلے میں خراش محسوس ہوتی ہے اور پھر تکلیف دہ کھانسی کے ساتھ سستی اور بخار کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔

موخر الذکر کی بڑی بڑی وجوہات میں ہوا میں موجود گندے مادے، دھند اور سگریٹ نوشی شامل ہیں۔ اس بیماری میں ہوا کی نالیوں میں موجود مادے کا رنگ گہرا سرخ ہو جاتا ہے۔ یہ مادہ خشک یا پھر نیم سیال میوکس یا پیپ سے ڈھکا ہوا ہے۔ ہوا کی نالیاں تنگ ہو جاتی ہیں اور ان میں موجود لچک ختم ہو جاتی ہے۔ نیز ان کی دیواروں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ کھانسی اور ہضم اس کی اہم علامات ہیں۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان 9 رتی پہلی یا تیسری انگلی پر پہنیں۔

جل جانا (Burns)

جلد (Skin) پر بہت زیادہ حرارت یا آگ کے اثرات اس کا باعث ہوتے ہیں۔ جسم کا زیادہ جل جانا انتہائی خطرناک ہوتا ہے۔ اس لیے فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔ جلد (Skin) جتنی گہرائی تک جلی ہوگی، اتنا ہی انفیکشن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے چار درجے ہیں۔

پہلا درجہ۔۔۔ جلد کا سرخ ہونا۔

دوسرا درجہ۔۔۔ جلد پر آبلے اور جلد پھٹنا۔

تیسرا درجہ۔۔۔ جلد تباہ ہونا اور زیریں بافتوں کی تباہی۔

چوتھا درجہ۔۔۔ جلد کا سیاہ پڑ جانا۔

زیادہ جلنے کی صورت میں ابتدائی طبی امداد سادہ طریقے سے دینی چاہیے اور باقی علاج ڈاکٹر پر چھوڑ دینا چاہیے۔

پتھروں سے علاج

فوری طبی امداد دیں۔ پھر سرخ مرجان 9 رتی استعمال کریں۔ سرخ کپڑا یا سرخ دھاگہ استعمال کریں۔ پتھروں پر مکمل انحصار کرنے کی بجائے ادویات کا بھرپور استعمال کریں۔

سرطان (Cancer)

سرطان یا کینسر کیا ہے؟ یہ دراصل جسم کے خلیات کے لیے ربط اور بے ضابطہ نشوونما کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جسم کے اندر اس قسم کی نشوونما کو رسولی کہتے ہیں۔ رسولی دو قسم کی ہوتی ہے۔

☆ معصوم رسولی (Benign Tumour)

☆ خبیثہ رسولی (Malignant Tumour)

اولا الذکر رسولی زیادہ خطرناک نہیں ہوتی سوائے خاص مقامات از قسم اعضائے رئیسہ وغیرہ کے جب کہ موخر الذکر قسم کی رسولی عموماً خطرناک ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ پھیلتی ہی رہتی ہے اور آخر کار کینسر کو جنم دیتی ہے۔ کینسر کے خلیات جسم کے کسی بھی حصے سے آغاز کر سکتے ہیں اور اس مناسبت سے اس کی کئی اقسام ہیں۔ مثلاً

روحانی و طلسماتی طاقت

نیلا مون سٹون

وہ جو تسخیر، ہمزاد، موکلات وغیرہ جیسے معاملات میں کامیابی کے خواہشمند ہیں ان کو نیلے رنگ کا مون سٹون استعمال کرنا چاہیے۔ یہ جو ہر تمام قسم کی غیر مرئی مخلوق، ہر قسم کے جنات، موکلات اور ہمزاد وغیرہ سے روحانی اور مواصلاتی تعلق کو قائم کرنے اور بڑھانے میں موثر مانا گیا ہے۔ یہ غیر مرئی مخلوق سے تعلق اور گفتگو یا سلسلہ بنانے کے حوالے سے خاص اثرات کا حامل ہے فرد کی ذاتی روحانی اور کشفی صلاحیتوں کو جلا بخشتا ہے۔

☆ جلد کا کینسر (Carcinoma)

☆ ہڈیوں کا کینسر (Sareoma)

☆ خون کا کینسر (Leukaemia)

یہ مرض نہ تو موروثی ہوتا ہے اور نہ ہی متعدی۔ اس کا علاج تین مستند اور بنیادی طریقوں سے کیا جاتا ہے۔

1۔ جراحت (Surgery)

2۔ تاب کاری (Radiation)

3۔ کیموتھراپی (Chemo Therapy)

کینسر کی اہم علامات حسب ذیل ہیں۔

☆ مستقل پھوڑا جو کہ بالخصوص منہ، زبان اور ہونٹوں پر ہو۔

☆ جسم میں کسی جگہ بالخصوص چھاتی پر گومڑ جس میں درد نہ ہو۔

☆ جسم کے کسی سوراخ سے خون کا اخراج۔

☆ مستقل بدہضمی یا خوراک نگلنے میں دقت۔

☆ گلے کا مستقل بیٹھے رہنا وغیرہ۔

آیا کینسر کا علاج ممکن ہے؟ اس کا جواب اثبات میں ہے بشرطیکہ اس کی تشخیص جلد کر لی جائے۔ مرض بڑھ جانے کی صورت میں یہ مہلک ثابت ہو سکتا ہے۔ کینسر کے وبات کا ابھی تک علم نہیں ہو سکا۔ تاہم بعض عوامل کی نشاندہی ضرور ہو گئی ہے مثلاً کیمیکل، فزیکل یا تھرمل ایکسپوژر اور سگریٹ پینے سے پھیپھڑوں کا کینسر ہو سکتا ہے۔ تمباکو والا پان معدے یا جگر کے کینسر کا باعث بن سکتا ہے۔ زچگی کی کثرت رحم کے کینسر کو جنم دے سکتی ہے۔ اسی طرح شراب نوشی کی کثرت حلق یا جگر کے کینسر کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے۔ خوراک، مشروبات، تشدد، جراثیم، المونیم کے برتنوں میں کھانا پکانے اور جانوروں کے ساتھ رہنے سے کینسر نہیں ہوتا۔

پتھروں سے علاج

ہلکا نیلا زمرد، معجزانہ صلاحیتوں کا حامل ہے اور دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی پر اس کا استعمال مفید و موثر ہے۔ چونکہ یہ بہت ٹھنڈا ہوتا ہے اس لیے اس کے ساتھ کمر پر سرخ دھاگہ باندھنا نیز پہلی انگلی پر کا پر کی انگوٹھی اور تیسری انگلی پر سرخ مرجان پہننا مفید ہوتا ہے۔ تاہم خیال رہے کہ سردیوں میں نیلم 4 رتی اور مرجان 8 رتی جب کہ گرمیوں میں نیلم 6 رتی اور مرجان بھی 6 رتی ہونا چاہیے۔

سفید موتیا (Cataract)

انسان کی عمر کے ساتھ ساتھ آنکھ کا عدسہ آہستہ آہستہ گدلا ہونے لگتا ہے اور پھر وہ دھندلا کر سفید ہو جاتا ہے۔ جس سے نظر بتدریج کمزور ہونے لگتی ہے۔ یہ عمل اطراف سے شروع ہو کر درمیان تک یا پھر درمیان سے اطراف کی طرف جاتا ہے۔ بعض اوقات چھوٹے بچے بھی اس مرض کا شکار ہو جاتے ہیں۔ موتیا کا بہترین علاج آپریشن ہے بشرطیکہ وہ کسی اچھے ہسپتال میں کسی اچھے سرجن کے ہاتھ سے ہو۔ غیر مستند معالج سے آپریشن کرانے سے فائدہ کی بجائے الٹا نقصان ہو سکتا ہے۔ موتیا بند سے بچنے کے لیے خالص سرمہ باقاعدہ استعمال کریں۔

پتھروں سے علاج

زمرد اور سفید مرجان نظر کو بہتر بنانے میں مفید ہے۔

یاقوت آنکھ کے جملہ امراض میں موثر ہے لیکن اسے صرف بیماری کے حملے کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یاقوت بہت گرم ہوتا ہے اس لیے گرمیوں کے موسم میں اس [illegible] بالخصوص پرہیز کریں۔

یاقوت کی [illegible] مرجان کا استعمال زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ سرخ مرجان اور سفید مرجان اکٹھے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ شدید بیماری کی صورت میں زمرد کو اضافی طور پر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

دماغی جریان خون

(Cerebral Haemorrhage)

دماغ میں خون جاری ہو جائے تو انسان پر غشی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اس کا باعث دماغ کی کوئی خراب شریان ہوتی ہے جسے چوٹ آنے پر انسان پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور اکثر فالج بھی ہو جاتا

ہے۔ چوٹ آنے کی وجہ سے مذکورہ شریان پھٹ جاتی ہے۔ جس سے خون جاری ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر بھی دماغ سے خون جاری ہونے کا باعث ہو سکتا ہے۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے اور فوری طبی معائنہ کا متقاضی ہے۔

پتھروں سے علاج

ماہرانہ طبی رائے حاصل کریں۔ پتھروں کو اضافی طور پر استعمال کریں۔ سرخ مرجان، زمرد اور حجر القمر مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔

سوزش لب (Chelitis)

ہونٹوں اور بعض اوقات منہ کے گوشوں کی سوزش، دھوپ، لپ اسٹک یا کیمیکل کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جلدی بیماریوں کی تشخیص اور علاج پیچیدہ امر ہوتا ہے۔ اس لیے یہ ماہرانہ طبی رائے کی متقاضی ہوتی ہیں۔ پتھر اس ضمن میں سونے پہ سہاگے کا کام سرانجام دیتے ہیں۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان، سرخ کپڑا، سرخ دھاگہ یا کاپر کی انگوٹھی استعمال کریں۔

لاکڑا کاکڑا (Chickenpox)

مریض کے سانس کے ذریعے پھیلنے والی بیماریوں میں لاکڑا کاکڑا بھی ہے۔ یہ بنیادی طور پر متعدی بیماری ہے جس کے وائرس سانس کی نالیوں کے ذریعے جسم میں داخل ہوتے ہیں۔ جب یہ بیماری شروع ہو تو ایک ہی علاقہ میں درجنوں بچے بیک وقت مبتلا ہوتے ہیں۔ مریض کے قریب جانے کے تقریباً 15 روز بعد بیماری کا آغاز ہوتا ہے۔ بیماری کی ابتداء عام طور پر دس سال سے کم عمر کے بچوں میں ہوتی ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ بڑے اس سے محفوظ ہوتے ہیں۔ گرم ممالک کے بچے اکثر اس مرض کا شکار ہوتے ہیں۔ اس مرض کا حملہ ایک بار ہو جائے تو دوسرا حملہ عام طور پر نہیں ہوتا۔ پہلی علامت گلے کے اندر یا منہ میں دانے نکلتے ہیں۔ زیادہ تر دانے پیٹ اور چھاتی پر ہوتے ہیں۔ ان کو بغور دیکھیں تو یہ گول نہیں بلکہ بیضوی ہوتے ہیں۔ جب کہ چیچک کے داغ گول ہوتے ہیں۔ پہلے یہ رنگ دار دھبے ہوتے ہیں، پھر یہ اونچے ہونے لگتے ہیں۔ ان میں پانی بھرتا ہے تو شکل سے آبلے نظر آتے ہیں۔ ایک ہفتہ میں اکثر آبلوں میں پانی کی جگہ پیپ بھر جاتی ہے۔ اس مرحلہ پر بخار بڑھ جاتا ہے۔ دانے اگر گلے کے اندر بھی ہوں تو نگلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ لاکڑا کاکڑا میں کچھ دانوں میں پانی نظر آتا ہے، کہیں پیپ اور کہیں وہ مرجھا کر خشک ہو چکے ہوتے ہیں اور ان کی شدت چہرے اور ہاتھوں پیروں پر نہیں ہوتی جب کہ دانوں میں کھجلی ہوتی ہے اور چھلکے آ جائیں تو ان میں اکڑن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ کھجلانے سے مرض میں اضافہ ہو کر زہر باد کا خطرہ ہوتا ہے۔ لاکڑا کاکڑا علاج کریں یا نہ کریں دونوں صورتوں میں دو ہفتوں تک ختم ہو جاتا ہے۔

پتھروں سے علاج

سرخ مرجان، سرخ کپڑا، سرخ دھاگہ یا کاپر کی انگوٹھی استعمال کریں۔

ہیضہ (Cholera)

ہیضہ بنیادی طور پر آنتوں کی سوزش ہے جس کا سبب ایک Vibirio Cholera نامی جرثومہ ہے تاہم سوزش پیدا کرنے والے اکثر جراثیم بھی یہی مرض پیدا کر سکتے ہیں۔ غذا کا زہریلا پن (Food Poisoning) بھی ہیضہ کی ایک وجہ قرار دی جا سکتی ہے۔ مکھیاں غلاظت کو پسند کرتی ہیں۔ غلاظت کے ڈھیروں سے مختلف قسم کے جراثیم ان کے پیروں اور پروں سے چمٹ جاتے ہیں۔ وہاں سے جب یہ اشیائے خوردنی پر بیٹھتی ہیں تو اسے جراثیم سے آلودہ کر دیتی ہیں اور یہ غذا جب کوئی صحت مند انسان کھاتا ہے تو جراثیم اس کے جسم میں جا کر بیماری کا باعث بنتے ہیں۔ گندہ پانی بھی جراثیم کی آماجگاہ ہوتا ہے۔ چنانچہ گندا پانی پینے سے بھی ہیضہ ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہ بیماری مکھیوں کی نسبت گندے پانی سے زیادہ پھیلتی ہیں اور وبائی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ ہیضہ سے حفظ ماتقدم کے لیے ضروری ہے کہ پانی ابال کر پیا جائے اور کھانے کی جس شے پر مکھیاں بیٹھی ہوں اسے کھانے سے احتراز کیا جائے نیز خالی پیٹ گھر سے باہر نہ نکلیں اور کھانے کے ہمراہ پیاز، سرکہ اور لیموں خوب استعمال کریں۔ اس مرض میں جراثیم آلودہ پانی یا کھانا استعمال کرنے کے ایک سے دو روز کے اندر مریض کو قے اور اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ قے اور اسہال کا رنگ چاولوں کی پیچ کی مانند دودھیا ہوتا ہے۔ قے اور اسہال سے جسم کا پانی اور نمکیات ختم ہو جاتے ہیں۔ بلڈ پریشر کم ہونے سے ٹھنڈے پسینے آتے ہیں اور خون گاڑھا ہو جاتا ہے۔ نیز نبض انتہائی سست اور پٹھوں میں درد کی شکایت ہوتی ہے۔

پتھروں سے علاج

زمرد 6 رتی استعمال کریں نیز لاجورد یا حجر القمر استعمال کریں۔

جاری ہے۔۔۔

تحریر: عبدالحئی راٹھور

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 اگست

شراکتی کام کے آغاز کے لیے اچھا وقت ہے۔ آپ کی توجہ فنون لطیفہ کی طرف زیادہ رہے گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ صحت بہتر رہے گی اور خوراک کی طرف توجہ زیادہ دیں گے۔ بغیر سوچے سمجھے گفتگو کرنا آپ کو مہنگا پڑ سکتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ صبر و تحمل سے کام لیں۔ اکثر اوقات خیالوں میں گم رہیں گے اور خیالی پلاؤ پکاتے رہیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی۔ رشتے اور منگنی کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ وراثتی معاملات کے حل کی کوئی شکل نہ نکل سکے گی۔ الیکٹرونکس کی اشیاء کی خریداری اور مرمت کروائیں گے۔

9 تا 16 اگست

اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ انعامی سکیموں اور دوسرے آسان ذرائع سے آمدن کا حصول ہوگا۔ آپ کی گفتگو کی صلاحیت بڑھ جائے گی اور دوسروں کو اپنی بات سمجھانا مشکل نہ رہے گا۔ بیمار ہونے کی صورت میں فوراً علاج کروائیں، ورنہ بیماری طوالت اختیار کر سکتی ہے۔ لوگوں پر جلد اعتبار نہ کریں، آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے۔ غیر ضروری اخراجات پر کافی حد تک قابو پائیں گے۔ بے روزگار افراد کو نوکری ملنے کی توقع نہیں ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کے لیے اچھے رشتے آتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اپنے غصے اور جذبات پر قابو رکھنے کی کوشش کریں، ورنہ کام حل نہ ہو سکیں گے اور آپ کے مخالفوں میں بھی اضافہ ہوگا۔

17 تا 24 اگست

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ اپنی ذات کو دوسروں

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا ی ق غ	
ب پ ک گ ر ز	۲
ج چ ل ش	۳
د ڈ م ت ث	۴
ھ ٹ ن	۵
و س خ	۶
ز ژ ع ذ	۷
ح ف ض	۸
ط ص ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر
	۱	۲	۲	۲ = ۷

پر ترجیح دیں گے اور اپنے آپ کو ضرورت سے بڑا اور سمجھ دار انسان خیال کریں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ جن لوگوں نے وعدے کیے ہوئے ہیں وہ وعدے وقت پر پورے کریں گے۔ کھیل کودکے کاموں میں دلچسپی نہیں لیں گے۔ ایسے لوگ جو معاشرے میں عزت و وقار رکھتے ہیں ان سے وابستہ کام حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ شریک کار سے متوقع مطالبات پورے نہ ہوں گے، اُلٹا آپ کے لیے مسائل کا باعث بنیں گا۔ پانی کی کمی کی وجہ سے طبیعت ناساز ہوسکتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ پانی کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے۔

25 تا 31 اگست

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ ان کو نئے آرڈر ملیں گے اور مالی فائدہ بھی ہوگا۔ معاشرے میں مقام اور عزت رکھنے والے لوگ آپ کی مدد کرتے نظر آرہے ہیں۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ ان کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا رواں دنوں میں بہتر نہیں، آپ کو پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ گھریلو حالات بہتر نہ ہوں گے، نہ ہی گھریلو سکون میسر آسکے گا۔ علوم مخفی میں خاص دلچسپی رہے گی۔

سعد تاریخیں	2-3-7-16-20-21-30
نحس تاریخیں	5-25
لکی نمبر	1-0-3

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 اگست

انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے بھی فائدہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہونے کی توقع ہے۔ اپنی ذات اور خوبصورتی کی طرف توجہ دیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو اب دور ہوتی نظر آرہی ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ قرضہ ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ داماد کے ساتھ معاملات میں خرابی آئے گی۔ شریک کار سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی۔

9 تا 16 اگست

ازدواجی معاملات ناخوشگوار رہیں گے۔ معاملات میں بہتری کے لیے لوح زہرہ استعمال کریں۔ یہ لوح ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اُدھار دی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے۔ کسی اچھی ملازمت کی تلاش میں کوشش جاری رکھیں۔ خوشخبری مل سکتی ہے۔ کاروباری مصروفیات بڑھنا شروع ہو جائیں گی۔ اخراجات پر کافی حد تک قابو پالیں گے۔ دشمنوں اور مخالفوں پر حاوی رہیں گے۔ قانون دانی اور مقدمہ بازی سے دور رہنا زیادہ بہتر ہے۔ ساس/ والدہ کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ ذہنی مسائل سے دوچار ہیں تو وہ دور ہو جائیں گے۔ سواری وغیرہ کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ افسران کی نظر میں آپ کی عزت میں اضافہ ہوگا۔

17 تا 24 اگست

کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ تجارت کے سلسلے میں یا کسی ذاتی کام کے لیے بیرون ملک سفر کرتے ہیں تو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق نہ ہوگی۔ اپنے جذبات کو قابو میں رکھیں، صبر سے کام لیں ورنہ آپ کے اکثر ہوتے ہوئے کام رُک جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ بہتر وقت گزرے گا، ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل کافی حد تک حل ہو جائیں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔

25 تا 31 اگست

آپ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے آپ ہر ممکن کوشش کریں گے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی بھی ملے گی۔ صحت کی طرف سے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ ملازمین پر نظر رکھیں، ان پر ذرا سی ڈھیل ان کی طرف سے پریشانی لا سکتی ہے۔ انعامی بانڈ اور لاٹری میں پیسہ لگائیں گے لیکن فائدہ نہ ہو سکے گا۔ کاروبار کے حوالے سے بہت سی خواہشات پوری ہوں گی نیز رواں دنوں میں کام میں تیزی رہے گی۔ عشق و محبت جیسے کاموں میں آپ اپنا وقت اور پیسہ ضائع کریں گے۔ علوم مخفی کے حوالے سے آپ کے شوق میں مزید اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	14-18-23
نحس تاریخیں	7-8-26
لکی نمبر	8-9-5

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1

خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 اگست

صحت کے حوالے سے چھوٹی موٹی بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ معاملات عشق و محبت کی طرف رجحان رہے گا۔ لوگوں کے ساتھ اندازِ گفتگو میں بہتری آئے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مکمل طور پر حل نہ ہو سکیں گے۔ مخالفین سے محتاط رہیں، آپ کے خلاف سازش کر رہے ہیں۔ والد/سسر سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں مندی رہنے کے امکانات ہیں۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کے خواہاں ہیں اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں رواں دنوں میں ان کے کام احسن طریقے سے حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 اگست

رُکے ہوئے کام کروانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ آپ اپنی ذات کو اردگرد کے لوگوں سے ممتاز سمجھنا شروع کر دیں گے۔ کاروباری معاملات کے حوالے سے یہ ہفتہ اچھا گزرے گا۔ اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ طالب علموں کی تعلیم کی طرف توجہ بڑھے گی۔ امتحان اور ٹیسٹ کے نتائج بھی اچھے آئیں گے۔ کھانے پینے کی اشیاء کے معاملے میں احتیاط برتیں، صحت خراب ہو سکتی ہے۔ لوگوں سے بہت زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں، پوری نہ ہو سکیں گی۔ قانون سے وابستہ معاملات کے حل کے لیے بہتر وقت ہے۔ آپ کو افسران کی طرف سے حمایت ملے گی نیز یہ آپ کے ساتھ نرم دلی کا معاملہ رکھیں گے۔

17 تا 24 اگست

اندرون ملک سفر آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا، نہ ہی آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ علاوہ ازیں وہاں آپ کو پریشانی کا سامنا بھی ہوگا۔ نوکری سے متعلق چند ایک خواہشات پوری ہوں گی۔ اجنبی لوگوں سے معاملات کے دوران محتاط رہیں، آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آتے ہیں۔ مالی معاملات میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو مل جائے گا۔ بہو آپ کی باتوں/خواہشات پر عمل کرے گی۔ تعلیمی نصاب کے علاوہ دوسری کتابوں میں بھی آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے میل جول کم رہے گا۔

25 تا 31 اگست

کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں فائدہ ہوگا۔ شراکتی کاروبار کرنے والوں کو شریک کار کی طرف سے مالی مدد ملے گی۔ اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں، چاہے وہ ذاتی کام کے سلسلے میں ہو یا کسی دوسرے۔ طالب علموں کو تعلیمی سلسلے میں اپنے بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے مدد ملے گی۔ آپ کا اندازِ گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں دنوں میں ہوتا نظر آ رہا ہے اور یہ آپ کی اُمید کے مطابق ہوگا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ رواں عرصہ میں آپ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے اور اپنی ذات پر کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔

سعد تاریخیں	7-8-16-20-21-25
نحس تاریخیں	2-3-10-30
لکی نمبر	4-6-0

سرطان

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 اگست

اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ یہ سفر خاندانی مسائل کے حل کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح ہوگی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کاموں میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا، لیکن کوشش سے مسائل حل ہو جائیں گے۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ سامان کا دھیان رکھیں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ اگر ہوتا ہے تو وہ پوری طرح آپ کے حق میں نہ ہوگا۔ ذہنی اور گفتگو کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ بہو/داماد کے ساتھ معاملات میں بہتری آئے گی۔ خریداری کرنے کے لیے جائیں گے۔

9 تا 16 اگست

بیرون ملک رشتے داروں سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ اندرون ملک سفر کرنے کے لئے موزوں وقت نہیں ہے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ روحانیت میں دلچسپی بڑھے گی۔ اگر کسی جگہ سے آپ نے اپنی رقم واپس لینی ہے تو یہ اچھا وقت ہے۔ آپ کو رقم واپس مل سکتی ہے۔ کاروبار/ نئے کام کے آغاز کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جانا نہ ہو سکے گا۔ ملازمین پر اعتبار نہ کریں وہ آپ کے اعتبار پر پورا نہ اُتریں گے۔ ذات اور خوبصورتی پر خاص توجہ دیں گے۔ شیئرز کے کام میں فائدے کی توقع نہیں ہے۔ کسی قانونی مسئلہ کا شکار ہیں تو اس کا نتیجہ آپ کے حق میں آنے کی توقع ہے۔

17 تا 24 اگست

حصول آمدن کے حوالے سے آپ کو

مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ضروری کاموں میں وقت ضائع کریں گے۔ شراکتی کاروبار کرنے والے افراد کو اپنے شریک کار سے مالی مدد ملے گی۔ سر درد کا شکار رہیں گے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کو اچھے رشتے ملنے کے امکانات ہیں۔ گھریلو معاملات اور مسائل کو لوگوں پر ظاہر نہ ہونے دیں۔ والد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، ان کی طرف سے آپ کو بہتر مشورہ بھی ملے گا۔ سرکاری ملازمت کرنے والے افراد کے عہدے میں ترقی کا امکان ہے۔ کسی شخص کو اُدھار رقم یا کوئی اشیاء دے رکھی ہے تو رواں دنوں میں واپس ملنے کی توقع ہے۔ اکثر خواہشات تکمیل نہ پا سکیں گی۔

25 تا 31 اگست

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ نئے شادی شدہ جوڑوں کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے حوالے سے بہتر وقت ہے۔ آپ کو اپنے غصے کو قابو میں رکھنے کی ضرورت ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ کھانے پینے کی طرف بھی دھیان رہے گا۔ آپ کے غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ مال کی لین دین کے دوران احتیاط کریں، آپ کے ساتھ دھوکے کی سازش کی جائے گی۔ ملازمت کے سلسلے میں یا کسی کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ دن سعد نہیں ہے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار نہ کریں۔

سعد تاریخیں	14-18-23
نحس تاریخیں	5-12-25
لکی نمبر	7-8-3



عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 اگست

قرضہ ملنا مشکل ہے۔ بہتر یہی ہے کہ اخراجات پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ خط و کتابت کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔ شراکتی بنیادوں پر کام کرنا فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں سفر ممکن ہے اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ حکام اعلیٰ سے وابستہ کام حل ہو جائے گا۔ آپ کے اختیارات میں بھی اضافہ ہوگا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش پر دلچسپی لیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی رہے گی۔

9 تا 16 اگست

صحت میں بہتری آئے گی۔ اچھی اشیاء کھائیں گے۔ قریبی رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے پراپرٹی اور کاروباری صورتحال پر تبادلہ خیال ہو گا۔ گھریلو معاملات میں عدم دلچسپی معاملات کو مزید بگاڑ سکتی ہے۔ لوگوں میں مقبولیت کا گراف بلند ہوگا۔ روزگار سے متعلقہ اُمور میں کامیابی نصیب ہوگی۔ غیر ضروری گفتگو سے اجتناب کریں۔ دشمنوں اور مخالفوں میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ملازم اور نچلے درجے کے لوگ آپ کے بہت کام آئیں گے۔ ان کے ساتھ تعلقات استوار رکھیں۔ اپنی طاقت اور رتبے کا استعمال اچھے کاموں میں کریں۔ بڑے بزرگوں کے ساتھ تعلقات ناخوشگوار ہوں گے جس کی وجہ غیر مناسب رویہ ہے۔

17 تا 24 اگست

عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش سے وہ حل ہو جائیں گے۔ اپنی کمزوریوں اور مسائل کو دوسروں پر ظاہر نہ ہونے دیں۔ ورنہ دشمن ان کو ہتھیار بنا کر استعمال کریں گے۔ بیرون ملک سفر سے وابستہ معاملات با آسانی طے پا جائیں گے۔ عمرے کے لیے جانا ہو گا۔ مزدوری کرنے والے افراد کو کام کے کافی مواقع ملیں گے۔ صحت کے حوالے سے آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا، جیسے سر درد، نزلہ وغیرہ۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ سرکاری نوکری کرنے والے حضرات کی ترقی کے امکانات ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

25 تا 31 اگست

اولاد کے ساتھ خوشگوار تعلقات رہیں گے کوئی ناراضگی تھی تو اب معاملات میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ وقت گزاریں گے۔ وہ افراد جو پسند کی شادی کے خواہاں ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کوشش کریں تو معاملات احسن طریقے سے طے پا جائیں گے۔

غیر ضروری اخراجات کی مد میں اضافہ ہوگا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں انکی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ کسی کو قرض دے رکھا ہے تو واپسی کا مطالبہ کرنے پر واپس ملنے کے قوی امکانات ہیں۔ یار دوستوں اور افسران سے خواہشات وابستہ نہ رکھیں کیونکہ وہ پوری ہوتی نظر نہیں آتی۔ بیماری میں مبتلا ہیں تو رواں دنوں میں صحت یاب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	2-3-12-16-20-21-30
نحس تاریخیں	7-8-26
لکی نمبر	5-7-0

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 اگست

علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی اور مختلف کتابوں کا مطالعہ کریں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں گی۔ حکومتی عہدیداروں یا قانونی نوعیت کے کوئی مسائل درپیش ہیں تو کوشش کرنے سے وہ حل ہوجائیں گے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ پوری طرح تعلیم کی طرف نہ رہے گی۔ اُمیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے کافی امکانات ہیں۔ بڑے بزرگوں کے ساتھ معاملات میں خرابی آسکتی ہے۔ سیر وتفریح کے لیے جائیں گے۔ قرض دی رقم واپس نہ ملے گی۔ اندرون ملک سفر کے لیے اچھا وقت ہے۔ انعامی نمبرز اور بانڈ وغیرہ سے فائدہ ہوگا۔ گفتگو کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

9 تا 16 اگست

اس وقت میں آپ آسانی سے اپنے سُسرالی رشتے داروں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپس میں تحفے تحائف کا تبادلہ ہوگا۔ رشتے اور منگنی وغیرہ کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ بیرون ملک سفر سے درپیش مشکلات کے حل کے لیے کوشش ضرور کریں۔ پرانے دوستوں کے ساتھ تعلقات استوار ہوں گے۔ ملازمین سے وابستہ کام پورے نہ ہوسکیں گے۔ گفتگو اور ذہنی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ زمین و جائیداد کے مسائل شدت اختیار کرجائیں گے۔ اگر آپ کسی دوسرے کے ساتھ سرمایہ کاری کریں تو آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ سر اور کمر درد کا شکار ہوتے نظر آرہے ہیں۔

17 تا 24 اگست

اُدھار رقم دے رکھی ہے تو وہ ان دنوں میں واپس مانگیں، پیسے ملنے کی توقع ہے۔ آپ کی توجہ فلمیں، ڈرامے دیکھنے اور سیر وتفریح کے لیے جانے جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ شریک حیات اور سُسرالی رشتے داروں کی طرف سے مدد ملتی نظر آرہی ہے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ ذہنی پریشانی کا شکار ہوتے نظر آرہے ہیں یہ پریشانی مالی معاملات کو لے کر ہوسکتی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پرندوں اور جانوروں میں دلچسپی بڑھے گی۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں لوگوں سے اور دوسرے ذرائع انٹرنیٹ وغیرہ سے معلومات بھی اکٹھا کریں گے۔ خواہشات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

25 تا 31 اگست

اس وقت خاندان کے اندر افراد خانہ کے ساتھ حالات کو بہتر بنانے اور گھر کو پُرسکون جگہ بنانے کے لیے کام کرنا مناسب ہوگا۔ وہ رشتہ دار جن سے تعلقات پچھلے کچھ عرصہ سے کشیدہ چلے آرہے تھے ان کے ساتھ بھی تجدیدِ تعلقات کی صورت پیدا ہوگی۔ ہمارا مشورہ ہے کہ اس عرصے میں اپنے مزاج اور رویے میں تبدیلی پیدا کریں اور یہ تبدیلی مزاج میں سختی کی نہیں بلکہ تمدن اور نرمی کی ہو۔ یہ عرصہ ایسے لوگوں کے لیے خوشخبری لائے گا جو اولاد کے خواہش مند ہیں۔ صاحب اولاد افراد کے بچوں کے ساتھ تعلقات بہتر شکل اختیار کریں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام کے حل کی صورت نظر نہیں آرہی۔ ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے۔

سعد تاریخیں	14-18-23
نحس تاریخیں	2-3-10-30
لکی نمبر	7-4-1

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 اگست

اندرون ملک سفر کے لیے موزوں وقت نہیں۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور اچھی اشیاء کھانے کو ملیں گی۔ کپڑوں اور موبائل وغیرہ کی خریداری کے لیے جائیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا لیکن اگر آپ کوشش کریں تو یہ پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔ معاملات عشق ومحبت میں دلچسپی لیں گے اور محبوب کے اوپر اخراجات بھی کریں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہوسکیں گے۔ شراکتی کاموں کو سرانجام دیتے ہوئے محتاط رویہ اختیار کریں، ورنہ آپ مشکلات میں پھنس سکتے ہیں۔

9 تا 16 اگست

ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی دباؤ یا پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا تو رواں دنوں میں وہ مسائل دور ہوجائیں گے۔ اپنی ذات پر خاصی توجہ

دیں گے اور دوسروں کو نظر انداز کریں گے۔ جس کی وجہ سے ان لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت خراب ہو گی۔ کسی بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔ شراکتی کام کرنے والے افراد کے کام میں کمی آئے گی۔ شریک کار/ حیات کے ساتھ بھی تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرضہ مل سکتا ہے۔ چند ایک بُرے خواب حقیقت کی شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ صدقہ و خیرات کریں۔ حکام اعلیٰ کی نظر میں آپ کی عزت میں اضافہ ہوگا۔ ان سے کام نکلوانے بھی آسان رہیں گے۔

17 تا 24 اگست

وراثتی اُمور کی وجہ سے پریشان رہیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کی صحت میں بھی خرابی آئے گی۔ رشتہ، منگنی اور نکاح وغیرہ کے لیے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے کی کوشش کریں گے کافی اُمید نظر آتی ہے کہ آپ کو کامیابی ملے گی۔ کھانے پینے کی طرف آپ کا رجحان رہے گا اور ساتھ ہی ساتھ بازاری کھانوں اور دعوتوں میں بھی شرکت رہے گی۔ قیمتی اشیاء کی خرید و فروت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ کیونکہ آپ لین دین کے دوران غلطی کریں گے جس کا پچھتاوا آپ کو بعد میں ہوگا۔

25 تا 31 اگست

بانڈ، ریس، لاٹری وغیرہ سے روپیہ کمانا آسان رہے گا۔ اگر آپ زمین یا سواری کی فروخت کرتے ہیں تو اچھی قیمت ملتی نظر آ رہی ہے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو چاہیے کہ کاروبار میں مزید پیسہ نہ لگائیں، کیونکہ یہ پیسے کو ضائع کرنے والا حساب ہی ہے۔ آپ کا ذہن کھیل کود اور تفریح کے معاملات میں زیادہ چلے گا۔ اخراجات کی رفتار تیز اور مسائل کی نوعیت کافی سنگین ہو گی۔ افسروں اور حاکموں کی طرف سے بھی مسائل کا سامنا ہوگا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اپنا زیادہ وقت خاندان کے لوگوں کے ساتھ گزارنا پسند کریں گے۔ بیرون ملک سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے اپنی ذات پر ہونے والے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	2-3-7-8-16-20-21-30
نحس تاریخیں	5-12
لکی نمبر	8-5-3

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 اگست

بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ رشتے کی بات چل نکلنے کے امکانات ہیں۔ عزت اور شہرت مستحکم رہے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اُمید کے مطابق فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ غیر ضروری اخراجات پر کافی حد تک قابو پا لیں گے۔ جائے پیدائش سے دور جانے کے لیے کی گئی کوشش رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ خریداری کے لیے جائیں گے۔ اُدھار پر رقم یا کوئی چیز دے رکھی ہے تو وہ مل جائے گی، واپس ضرور مانگیں۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 اگست

کام کی زیادتی آپ کی صحت پر بھی اثر انداز ہو سکتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ ہر کام خود کرنے کی بجائے کچھ ذمہ داریاں دوسرے کے ذمے بھی لگائیں۔ دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح کرنے کا موقع ملے گا۔ شریک کار کی مدد حاصل ہو گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ مل سکتا ہے۔ کھانے پینے کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔ گھریلو معاملات کے حوالے سے نشیب و فراز کا سامنا رہے گا۔ مزید یہ کہ اپنے غصہ کو قابو میں رکھنے کی کوشش کریں اور معاملات کو بڑھانے کی بجائے کم کرنے کے بارے میں سوچیں۔ اندرون ملک سفر کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ مقصد میں کامیابی ملے گی۔ طالب علموں کو نتائج میں کامیابی کی خوشی ملے گی۔

17 تا 24 اگست

صحت کے حوالے سے درپیش پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کھانے پینے کی طرف توجہ زیادہ دیں گے۔ ایسے کام جن کی آپ کو سمجھ بوجھ کم ہو اس بارے میں کسی سمجھ دار آدمی کی مدد لینا فضول نہ ہو گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروباری معاملات کے حوالے سے دوسروں پر بہت زیادہ بھروسہ نہ کریں، کیونکہ وہ لوگ آپ کی اُمیدوں پر پورا نہ اُتر سکیں گے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو خود بھی کوشش کریں اور رشتے داروں کو بھی کہیں، نوکری ملنے کی اُمید ضرور پیدا ہو گی۔ رشتے اور منگنی کے طے کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ خفیہ دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

25 تا 31 اگست

اس عرصہ میں سفر کرنے اور ملک کے دوسرے شہروں میں جانے کی خواہش بڑھ جائے گی۔

سفر آپ رزق کمانے کے لیے بھی کریں گے۔ گھر کا ماحول خوشگوار ہو جائے گا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ وراثتی معاملات کو لے کر کشمکش رہے گی اور مسائل تنگ کریں گے۔ دوسروں سے وابستہ خواہشات آسانی سے پوری نہ ہو سکیں گی۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ آسان ذرائع سے بھی آمدنی آئے گی۔ حکومتی اداروں اور اعلیٰ افسران سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اس حوالے سے کوئی خوشخبری سننے کو نہ ملے گی۔ خط و کتابت کی طرف دلچسپی رہے گی۔

سعد تاریخیں	18-23
نحس تاریخیں	7-8-26
لکی نمبر	9-6-2

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 اگست

کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ زیورات اور دوسری قیمتی اشیاء کی خریداری کرنے کے لیے جائیں گے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ گمشدہ اشیاء واپس ملنے کی توقع ہے۔ معاملات عشق و محبت سے دور رہیں، بدنامی کا باعث بنیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ بہن بھائیوں سے وابستہ کام پورے ہونے کے امکانات ہیں۔ اولاد کے معاملات پر کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔

9 تا 16 اگست

گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ ساس/والدہ کے ساتھ معاملات میں بہتری آئے گی۔ عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ وہ افراد جو روزگار کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں اپنی کوشش تیز کر دیں۔ وقت آپ پر مہربان ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ سواری اور مکان کی مرمت کروائیں گے۔ آسان ذرائع سے آمدن اگر حاصل ہوتی بھی ہے تو وہ آپ کے ہاتھ سے ایسے نکلے گی کہ آپ کو پتا بھی نہیں چلے گا۔ خفیہ دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ غیر نصابی سرگرمیوں میں دلچسپی بڑھے گی۔ الیکٹرونکس اشیاء کی خریداری کے لیے موزوں وقت ہے۔

17 تا 24 اگست

[illegible] ہے تو گھریلو حالات میں بہتری کا سبب بنے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری اور بیچ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں فائدہ ہوگا۔ فنون لطیفہ اور خط و کتابت کی طرف رجحان رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو رواں عرصے میں ملتا نظر نہیں آ رہا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ قیمتی جواہرات پہننے کا شوق اُجاگر ہوگا۔ اصلی جواہرات آپ ہمارے ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ مخالفوں اور دشمنوں سے مقابلہ میں برتر پوزیشن میں رہیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم ہوگی۔ اشیاء کی لین دین کے دوران احتیاط برتیں۔ مخالف شخص آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا۔ غیر ضروری اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔

25 تا 31 اگست

اس ہفتہ میں آپ کی خاصی توجہ اپنے مالی معاملات میں بہتری کی طرف لگی رہے گی۔ دماغی صلاحیتوں کے استعمال سے آپ روپیہ کمانے کو ترجیح دیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان سے ملاقات خوشگوار ماحول میں رہے گی۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے ملاقات اور ملازمت کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کریں گے۔ آپ کی ذات میں موجود ضدی پن میں کمی آئے گی۔ گھریلو حالات میں بہتری آئے گی۔ حکومتی افسران اور معاشرے میں رتبہ رکھنے والے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ قانونی معاملات سے دور رہنے کی کوشش کریں۔ عدالتی کاروائی ہے تو اس میں التواء پیدا کرنے کی کوشش کریں، کیونکہ رواں دنوں میں فیصلہ آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	7-8-12-20-21-25
نحس تاریخیں	10-26
لکی نمبر	0-1-6

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 اگست

کرائے کی سواری یا مکان پر آمدن

سے زیادہ اخراجات ہوں گے۔ علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں کامیابی ملتی نظر آتی ہے۔ مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام حاصل کر سکتے ہیں۔ کمپیوٹر اور خط و کتابت پر اپنا وقت صرف کریں گے۔ ملازمین پر اعتبار کرنا نقصان کا باعث بنے گا۔ بُرے خواب آئیں گے۔ دوستوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہو سکیں گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ عشق و محبت کے معاملات کی طرف خاصی توجہ دیں گے۔

9 تا 16 اگست

سیر و تفریح کا موقع مل سکتا ہے۔ حکام اعلیٰ سے بہتر تعلقات استوار ہوں گے۔ اولاد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے۔ کاروباری معاملات میں جو رکاوٹیں چل رہی تھیں، اب ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ مالی اور معاشرتی ترقی حاصل ہو گی۔ جائے پیدائش سے دور جانے کی خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ تعلیمی اُمور میں کامیابی نصیب ہو گی۔ لیکن اعلیٰ تعلیم سے منسلک طالب علموں کے لیے یہ عرصہ تھوڑا سخت ہو گا۔ مذہبی معاملات میں دلچسپی کم رہے گی۔ شریک حیات کے ساتھ وقت گزرانا پسند کریں گے۔ قرضہ دے رکھا ہے تو وہ رقم واپس مل سکتی ہے۔ آپ کی توجہ موسیقی اور فلموں کی طرف ہو گی اور انٹرنیٹ کا استعمال بھی زیادہ کریں گے۔

17 تا 24 اگست

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں گے اور اپنے آپ کو لوگوں کی نظر میں ہوشیار دیکھنے کی کوشش کریں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا ہو گا۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ان کی خاطر و توازن کیے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ لوگوں سے خوش دلی سے ملیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ کی اُمید ہے۔ اشیاء کی خریداری کے لیے جانا ہو گا اور بہتر اشیاء کی مناسب قیمت پر خرید کریں گے۔ معاملات عشق و محبت سے دور رہنے کی کوشش کریں، بدنامی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔

25 تا 31 اگست

اس ہفتہ میں روپے پیسے کے معاملات آپ کے لیے اہمیت اختیار کر جائیں گے اور بہت ممکن ہے کہ آپ کو رقم کی وصولی کے لیے دوسرے شہر جانا پڑے۔ صحت کی طرف سے لاپرواہی برتنے کی صورت میں صحت کی خرابی سے پالا پڑے گا۔ وہ لوگ جو بینکوں اور مالیاتی اداروں سے قرضہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اپنے معاملہ کو حسب توقع پورا کرنے کے حوالے سے آسانی ملے گی اور معاملات تیزی سے طے ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ساتھ کام کرنے والے لوگ حاکمانہ شان کا مظاہرہ کریں گے اور آپ کے لیے آسانی سے مشکلات پیدا کریں گے۔ لوگوں کے ساتھ لین دین کے معاملات تنگ نہ کریں گے۔

سعد تاریخیں	14-23
نحس تاریخیں	5-12-25
لکی نمبر	7-8-3

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل یورانس
منسوبی حروف	س ش ث ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم پکھراج ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات جمعہ ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا گلابی ہرا

یکم تا 8 اگست

شریک حیات اور اولاد کے ساتھ سفر کریں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ کاروباری افراد کو چاہیے کہ کام کے حوالے سے فیصلہ کرتے ہوئے محتاط رویہ اختیار کریں۔ ورنہ معاملات میں خرابی آ سکتی ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ زیورات، زمین وغیرہ کی فروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ مذہبی اُمور میں دلچسپی بڑھے گی، اور اس حوالے سے مختلف کتابوں وغیرہ کا مطالعہ بھی کریں گے۔

9 تا 16 اگست

مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ قانونی نوعیت کے مسائل میں گھرے ہوئے تھے تو اب آپ کے پاس وقت ہے کہ ان مسائل کو کم کر سکتے ہیں۔ کاروباری حضرات کو چاہیے کہ نئے معاہدے کرنے سے گریز کریں، کیونکہ ان معاہدوں سے فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہو گا۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ بڑے بزرگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو ان کے حل کی توقع کی جا سکتی ہے۔ مکان اور گاڑی کی فروخت کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ مذہبی اُمور میں دلچسپی لیں گے۔ سوچوں اور خیالوں میں گم رہیں گے۔ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو پوری طرح استعمال نہ کر سکیں گے۔ قیمتی پتھروں میں دلچسپی لیں گے۔ اصلی جواہرات آپ ہمارے ادارے سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ مکان اور گاڑی کی فروخت کرنے کے لیے بہتر وقت ہے۔

17 تا 24 اگست

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے

داروں سے تعلقات بہتر ہوں گے اور ملنا جلنا رہے گا۔ خط و کتابت اور فنون لطیفہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ اپنی اشیاء/ سامان کا دھیان کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ عزت و وقار رکھنے والے افراد آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔ طالب علم کی توجہ تعلیم کی طرف کم اور دوسرے کاموں میں زیادہ رہے گی۔ اندرون ملک سفر کریں گے۔ یہ سفر تجارت کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے اور سیر و تفریح کے سلسلے میں بھی۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی لین دین کے حوالے سے مناسب وقت نہیں ہے۔ مستقل بیماری کا شکار ہیں تو رواں دنوں میں صحت میں بہتری آئے گی۔ کمپیوٹر کا استعمال زیادہ کریں گے۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، چوٹ وغیرہ لگنے کا اندیشہ ہے۔

25 تا 31 اگست

مالی حالات میں بہتری آئے گی، لیکن آپ آسان ذرائع سے پیسہ کمانے کے چکروں میں اپنا مال ضائع کر دیں گے۔ خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے اور آپ ان کو پورا کرنے میں کامیاب بھی رہیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنے بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے خوشگوار رہیں گے۔ ان سے وابستہ کام بھی رواں دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ اولاد کو آپ کی جس نگرانی کی ضرورت ہے وہ ان کو نہ مل سکے گی، بلکہ آپ دوسرے کاموں میں مصروف رہیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کام کے حوالے سے ڈیلے ڈیلے رہیں گے اور کام وقت پر نہ ہونے کی وجہ سے افسران کی ناراضگی کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	2-3-12-1625-30
نحس تاریخیں	5-26
لکی نمبر	3-4-9

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نپچون
منسوبی حروف	چ، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 اگست

شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عشق و محبت کے کاموں سے دور رہنا ہی بہتر ہوگا۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ کے اخراجات شریک کار/ جنس مخالف پر ہوں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ بات چیت زیادہ رہے گی اور اپنے مسائل ان سے ضرور شیئر کریں، بہتر مشورہ ملے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 اگست

دوران گفتگو سوچ سمجھ کر بات کریں، آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نکلیں گے جو آپ کے لیے باعث شرمندگی/ پریشانی ہوں گے۔ کسی جانب سے اضافی ذمہ داریاں اور اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اچانک کوئی خوشخبری ملے گی ہو سکتا ہے کہ آپ کو قریبی جاننے والوں کی طرف سے کوئی فائدہ مل جائے۔ طالب علموں کو چاہیے کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنی صحت کا بھی خیال رکھیں۔ وراثتی معاملات میں دلچسپی لیں گے، ان کے حل کی صورت نکلتی نظر آتی ہے۔ کام کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کے حوالے سے یہ عرصہ بہترین ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کشیدہ رہیں گے۔ جہیز کے سامان کی خریداری کے لیے جائیں گے۔

17 تا 24 اگست

آپ کی اکثر خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے جڑے کام حل نہ ہو سکیں گے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ ضرورت کی اشیاء کی خریداری کے لیے جانا ہوگا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔ ملازمین کی باتوں پر اعتبار نہ کریں، یہ اکثر اوقات جھوٹ ہی بولیں گے۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد میں بہتری رہے گی۔ علاوہ ازیں کاروبار کو بڑھانے کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔

25 تا 31 اگست

لوگوں سے روابط میں آسانی رہے گی اور ایسے لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے جو معاشرے میں اچھا مقام رکھتے ہوں گے۔ آپ اپنی معاشرتی پوزیشن پر توجہ دیں گے اور اس کو بہتر کرنے کے لیے خوب محنت کریں گے۔ دوسروں کو خاص طور پر افسران کو تحفے تحائف دے کر آپ ان کی توجہ حاصل کر لیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے ساتھ کام کرنے والوں کی طرف سے ہوشیار رہنا ہوگا۔ یہ آپ کے کام میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ آپ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لیے خود کوشش کریں گے اور دوسروں کی مدد بھی حاصل کریں گے۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل نہ کر پائیں گے بلکہ اُلٹا پیسوں کا ضیائع کریں گے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کریں اور غیر ضروری کھانوں سے پرہیز کریں۔

سعد تاریخیں	14-18
نحس تاریخیں	2-3-10-30
لکی نمبر	0-4-5

☆☆☆☆☆

نقوش والواح

آپ کسی بھی مسئلے جیسے کہ شادی، اولاد، تسخیر ورجوع خلق، حصول جاہ ومنزلت، مرتبہ، عزت، دولت، شہرت، مقدمہ میں کامیابی، دشمن پر فتح، شر سے حفاظت، ردِ سحر، خاتمہ آسیب، حصول علم اور ذہانت، نوکری، ترقی، رزق، مردانہ وزنانہ خصوصی امراض وکمزوری سے نجات، مختلف ذہنی، اعصابی، جسمانی اور روحانی امراض سے شفاء وغیرہ کے لئے حسب ضرورت عملیاتی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام روحانی وعملیاتی اعمال عین وقت اور قواعد کے مدنظر تیار کیے جاتے ہیں اور متعلقہ عطر، بخور، نظرات کواکب، شرف کواکب اور ساعت کواکب وغیرہ کا مکمل دھیان رکھا جاتا ہے۔

شرف کواکب اور خاص الواح

لوح قمر	گھریلو معاملات، ازدواجی امور، روزگار کے مسائل، صحت، نظر بد اور کسی بھی سعد مقصد کے لیے
لوح شمس	لوگوں میں عزت، وقار، شہرت، کامیابی، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، کاروبار میں کامیابی، سرکاری نوکری، اولاد نرینہ
لوح عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت کے چلنے، نوکری، امتحان میں کامیابی، اندرون وبیرن ملک سفر
لوح زہرہ	عوام وخواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، چہرہ کی خوبصورتی، کشش اور حسن میں اضافہ
لوح مریخ	دشمنوں پر غلبہ، شکست، مقدمہ میں کامیابی، جادو ٹونہ اور سحر وآسیب سے حفاظت، قوت، طاقت، مردانہ قوت
لوح مشتری	روپیہ پیسہ، خوش حالی، تجارت، آمدن، مالی مسائل کا حل، حصول نوکری، انعامی بانڈ میں کامیابی، ذاتی بزنس میں کامیابی
لوح زحل	خاتمہ نحوست زحل وساڑھ ستی، خاتمہ مسائل، چلتے کام رکنے لگیں، ذاتی کاروبار کو استقامت، خاتمہ نحوست
لوح خوش قسمتی	زندگی میں آگے بڑھنے اور مختلف معاملات میں حصول خوش قسمتی کیلئے، الجھے ہوئے معاملات کا حل
طلسم تسخیر وحاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ وامان یا کسی بھی مطلب ومقصد کیلئے
صحت وشفا	صحت وتندرستی کے حصول کے حوالے سے اسماء الٰہی اور ان کی عددی خصوصیات کی موثر لوح
لوح ردسحر	کالے جادو سے لے کر بدنظر، اثر اور ہر قسم کے سحری وعملیاتی مسائل کا حل اور بچاؤ کی تدبیر
لوح زچگی	زچگی سے متعلق تمام تر مسائل، زچہ بچہ کی صحت اور ڈلیوری کیلئے
لوح استخارہ	کسی بھی امر کے حوالے سے استخارہ کرنے کے لئے ایک موثر نقش ولوح
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑنا، بیمار ہونا، کام یا نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش
لوح نورانی	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت وتندرستی، تعلیم، حافظہ، عقل ودانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کیلئے موثر
لوح خاتم سلیمان	متعدد روزمرہ معاملات میں بہتری کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ کم وبیش ہر امر کے لئے مفید ہے

	کاغذ	تانبا	چاندی		کاغذ	تانبا	چاندی
عمومی	1100	2100	4500	ذاتی	3000	6000	10000

عمومی وذاتی لوح میں فرق: ذاتی لوح میں فرد کا نام، نام والدہ وغیرہ شامل ہوتا ہے اور یہ صرف ایک خاص فرد کے لیے موثر ہوتی ہے۔

جواہرات اور تسبیحاں

ادارہ راہنمائے عملیات اصل جواہرات اور اصل پتھروں کی تسبیحاں ایک طویل عرصہ سے فراہم کر رہا ہے۔ یہ دراصل ادارہ راہنمائے عملیات پر اعتماد کی وجہ ہی ہے کہ ملک عزیز کے کونے کونے سے لوگ جواہرات اور تسبیحاں گھر بیٹھے طلب کرتے ہیں اور ادارہ بھی ان کے اعتماد پر پورا اترتا ہے۔ سو آپ بھی اصل جواہر و پتھر مناسب قیمت پر دفتر آ کر یا بذریعہ ڈاک طلب کر سکتے ہیں۔ جواہرات کی مزید تفصیل آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

ذیل میں جواہرات کی کم سے کم قیمت دی گئی ہے۔ آپ ہمارے سے چاہے سستا سے سستا پتھر خریدیں یہ یقین رکھیں ہوگا وہ اصل۔ جواہر کے اصل ہونے کی ہماری گارنٹی ہے۔ جو لوگ خود نہیں آ سکتے وہ ہماری ویب سائٹ پر پتھروں کی تصویر اور قیمت دیکھ سکتے ہیں۔

آپ ادارہ سے اپنے پسندیدہ پتھر کی انگوٹھی یا لاکٹ وغیرہ بھی بنوا سکتے ہیں۔

جواہرات

نام پتھر	قیمت				
عقیق	500	پیری ڈاٹ	1100	بلڈ سٹون	1500
لاجورد	550	نیلم	2600	مقناطیس	1500
مرجان	1600	لہسنیا	900	مانک	3000
فیروزہ	2400	ٹائیگر	900	سنگ یشب	4000
مون سٹون	1200	گارنٹ	950	سنگ حدید	1250
ریبو مون سٹون	3600	موتی	2000	زہر مہرہ	1000
اوپل	2200	فونکس/جیڈ	1500	ترملین	2200
زمرد	4200	زبرجد	1500	اونیکس	1400
یاقوت	2600	دانہ فرہنگ	1500	کنزائٹ	4000
سنہلا پکھراج	950	کوارڈز	2000	جیسپر	1200
پکھراج	2500	روز کوارڈز	1500	لیبروڈرائٹ	2100
سنگ مریم	800	ایمے تھیسٹ (سٹیلا)	2000		
ایکوامرین	3200	موئے نجف	1100		
گاؤمیدک	1600	درنجف	750		
		سنگ موسی	3000		

پتھروں کے اصل ہونے کی گارنٹی ہے

جواہراتی تسبیحاں

ذیل میں مختلف جواہرات سے بنی تسبیحوں کا ذکر ہے۔ خیال رہے یہ سب اصل ہیں کوئی بھی تسبیح ان میں سے نقلی نہیں ہے۔ یہ کم سے کم قیمت ہے۔

تسبیحات	قیمت 33 دانے	قیمت 99 دانے
عقیق یمنی لال	1200	3000
عقیق سلیمانی	1500	4400
عقیق لال کٹنگ والی	5000	—
عقیق کالا	2000	4000
عقیق سبز سلیمانی	7500	—
موتی	1650	4000
صدف	2800	8000
ٹائیگر	2000	3000
لاجورد	2200	6500
جیڈ	2750	4000
دانہ فرہنگ	2500	4000
سنگ یشب	16,000	—
گارنٹ	12,500	—
پیری ڈاٹ	15,500	—
چاندی اللہ و محمد کندہ	8500	—

فون نمبرز				
0300-8442060	0321-4753240	0300-4783518	042-36293245	042-36374864

شرح اسماء الحسنیٰ

تحریر: سید ابو محمد بدیع الدین شاہ الراشدی

قسط نمبر: 4

(۴) الملک (بادشاہ)

جو اپنے ہر حکم کو نافذ کر سکے۔ کسی اور بادشاہ کی یہ صفت نہیں بلکہ وہ بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ (الزجاج)۔

(۵) القدوس (پاک)

جو ہر عیب اور نقص سے پاک ہے۔ ایسی پاکی جو انسانی تصور سے بالا ہو (الغزالی) اور برکت والا (الزجاج)۔

(۶) السلام (سلامتی والا)

جس کی ذات عیوب سے اور اس کی صفات نقائص سے اور اپنے افعال میں مطلقاً برائی سے پاک ہو۔ (الغزالی) نیز سلامتی دینے والا کہ مخلوق اس کے ظلم سے محفوظ ہے (البیہقی)

(۷) المؤمن (امن دینے والا)

جس سے امن وامان مانگا جائے اور کسی کے لئے بھی امن، اس کے سوا کسی اور سے متصور نہ ہو۔ (الغزالی) نیز بقول زجاج ایمان بمعنی تصدیق اور اللہ تعالیٰ اپنی وحدانیت کی تصدیق کرنے والے ہیں۔ فرمایا:

شهد الله انه لا اله الا هو و الملائكة و اولو العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزيز الحكيم۔ (آل عمران ع۲ پ۳)

اللہ تعالیٰ اور اس کے سب فرشتے اور اہل علم یہ گواہی دیتے ہیں کہ اس اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں، جو انصاف سے قائم ہے، اس اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں، وہ غالب اور حکمت والا ہے۔

(۸) المهیمن (نگہبان اور محافظ)

وہ اپنی خلقت پر ان کی حیات، موت، عمل، رزق اور اجل وغیرہ پر محافظ ہے (الغزالی) نیز آخرت میں وہ اعمال کے بدلے (تاکہ کسی کو بھی اس کے نیک عمل کا بدلہ کم نہ ملے) پر بھی نگہبان ہے اور یہ بھی کہ کسی گناہ گار کو اس کے گناہ کی سزا (زیادہ) نہ ملے، اس پر بھی نگہبان ومحافظ ہے۔ (بیہقی)

(۹) العزیز (غالب)

وہ ہر چیز پر غالب ہے۔ حتیٰ کہ ہر عزت اور غلبہ والا اس کی عزت کے سامنے ذلیل ہے۔ کیونکہ اصل عزت بمعنی غلبہ اور سختی کے ہے۔ فرمایا **فعززنا بثالث** (یٰسین ع۲ پ۲۲) پھر ہم نے تیسرے سے غلبہ دیا۔ **وعزنی فی الخطاب** (ص ع۲ پ۲۳) اور گفتگو میں مجھ پر سختی کرتا ہے۔ نیز کہا جاتا ہے **عزنی فلان الامر** یعنی فلاں مجھ پر اس کام میں غالب آ گیا۔ (الزجاج) اللہ ایسا غالب ہے کہ اس تک پہنچنا یا برائی پہچانا ناممکن ہو، اس کی طاقت اور رسائی ہمیشہ قائم ہے (البیہقی)۔

(۱۰) الجبار (ملانے والا)

کمزور اور ٹوٹے ہوئے دلوں کو آپس میں ملانے والا۔ نیز زور آور، کیونکہ جبر بمعنی قہر کے بھی آئے ہیں۔ نیز بلند کیونکہ جبر کے معنی بلندی کے بھی ہیں۔ کھجور کے بلند وبالا درخت کو بھی جبارہ کہا جاتا ہے۔ (قصیدہ نونیہ لابن القیم ص ۱۵) بیہقی اما خطابی سے نقل کرتے ہیں کہ الجبار یعنی اپنی مخلوق کو اپنے ارادہ، امر اور نہی کے آگے مجبور کرنے والا اور فقراء اور محتاجوں کے اسباب معاش کو جمع کرنے والا۔

(۱۱) المتکبر (بڑائی کرنے والا)

وہ ذات جس کے سامنے ہر چیز حقیر نظر آتی ہے اور ایسی بڑائی اس کی ہی شان ہے۔ (الغزالی) نام میں ''ت'' تخصیص کے لئے اور تفرد کے لئے ہے۔ اس لئے کسی مخلوق کے لئے تکبر روا نہیں بلکہ ان کے لائق تو عجز

خوش قسمتی کا پتھر

خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، ردسحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب کروانے کے لیے نام، نام والدہ تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ارسال کر کے خوش قسمتی کا پتھر معلوم کریں۔

وانکساری اور بندگی ہے۔

(۱۲) الخالق (اندازہ کرنے والا)

کیونکہ اصل خلق بمعنی تقدیر کے ہیں۔ مثلاً خلقت الشی حلقا اذا قدرته قرآن کریم میں ہے۔ وتخلقون افکا (العنکبوت ع ۲ پ ۲۰) اور تم جھوٹا اندازہ کرتے ہو۔ یعنی اللہ تعالیٰ خلق کا مقدر (اندازہ مقرر کرنے والا) پیدا کرنے والا، ابھارنے اور مکمل کرنے والا اور اس کی تدبیر کرنے والا ہے۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین (المؤمنون ع ۱ پ ۱۸) اللہ کی ذات بابرکت سب سے بہتر بنانے والی ہے۔ زجاج نے بھی اسی طرح کہا ہے۔

۱۳) الباری (پیدا کرنے والا)

اس حیثیت سے کہ وہ موجد ہے (الغزالی)

(۱۴) المصور (صورت عطا کرنے والا)

یعنی خوبصورت ترتیب دے کر بنانے والا (الغزالی) اور ہر صورت کو بغیر کسی نقل یا مثال کے بنانے والا۔ (الزجاج)

(۱۵) الغفار (ڈھانپنے والا)

دنیا میں گناہوں اور برائیوں کو عمدہ طریقے سے ڈھانپنے والا اور آخرت میں عذاب کے بجائے درگزر کرنے والا۔ (الغزالی) یہ اسم مبارک فعال کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے (بیہقی) جس کے معنی ہیں بار بار بڑے بڑے گناہ بخشنے اور ڈھانپنے والا۔

(۱۶) القہار (زبردست)

وہ زبردست ہے۔ سرکش اور دشمن پر قوت اور غلبہ سے، مخالفین پر آیات اور دلائل سے اور عام مخلوق پر موت کے ذریعہ۔ ہر موجود چیز اس کی قدرت کے آگے عاجز ہے اور اس کے قبضہ میں ہے۔ (الزجاج والغزالی)

(۱۷) الوھاب (بہت زیادہ دینے والا)

بغیر کسی معاوضہ یا غرض کے۔ بغیر مانگے عطا کرنے والا۔

علامہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری شرح اسماء الحسنیٰ میں ص ۶۹ پر تحریر فرماتے ہیں:

''وہاب وہ ہے کہ عطا ہائے صوری و معنوی اور عطیات دنیوی واخروی کا مالک وہی ہے۔ یہی اسم ہے جو بتلاتا ہے کہ بندہ کے پاس اس کے گھر کی کوئی شے نہیں اور جو کچھ ہے وہ سب دادالٰہی اور جود نامتناہی کا نتیجہ ہے''۔

(۱۸) الرزاق (رزق دینے والا)

ہر جاندار کے لئے رزق پیدا کرے اور رزق کو حاصل کرنے کے اسباب مہیا کرے اور ان تک پہنچائے۔ رزق دو قسم کا ہے۔ ایک ظاہری یعنی قوت (غذا) اور طعام جو جسم کے کام آئے۔ اور دوسرا باطنی جو ایمان کے لئے قلب کی روشنی اور دین کے لئے رہنمائی بنے۔ ظاہری رزق کا فائدہ جسم کے لئے اور باطنی رزق ابدی زندگی یعنی آخرت کے لئے ہے۔ دونوں اقسام کا وہی مالک ہے اور وہی اپنی مہربانی سے اپنے بندوں تک اسے پہنچاتا ہے۔ مگر جس کے لئے چاہے اپنی مرضی کے مطابق ہر دو رزق کشادہ فرمادے یا تنگ کردے۔ (الغزالی) اور بقول زجاج رزق کے اصل معنی ہیں کسی کو بھی کسی چیز سے نفع حاصل کرنے کی اچھی طرح اجازت دی جائے۔ قرآن میں ہے۔ ومن رزقناہ منا رزقا حسنا فھو ینفق منه سرا و جھرا (النحل ع ۱۰ پ ۱۴) اور جس کو ہم نے اپنی طرف سے اچھی روزی دی، سو وہ اس میں سے خرچ کرتا ہے پوشیدہ اور ظاہر۔

(۱۹) الفتاح (کھولنے والا)

یعنی حق اور باطل کے درمیان۔ اس طرح کہ حق کو ظاہر اور باطل کو گم کردے۔ (الزجاج) اور اپنی مہربانی سے بند چیز کو کھول دے اور رہنمائی ونشاندہی سے مشکل کو حل کردے۔ انبیاء علیہم السلام کو فتح عطا فرمائے۔ فرمایا: انا فتحنالک فتحامبینا (الفتح ع ۱ پ ۲۶) (اے نبی) ہم نے آپ کو ظاہر فتح دی۔ اپنے خاص بندوں کے دلوں سے پردہ ہٹائے۔ غیب اور رزق کی چابیاں اس کے ہاتھ میں ہیں (الغزالی)۔ علامہ قاضی محمد سلیمان منصور پوری ص ۷۱ پر لکھتے ہیں:

''فتاح وہی ہے جو مشکلات، مہمات (کی گرہوں) کو کھول دیتا ہے۔ فتاح وہی ہے جو دل کو حق کے لئے کھول دیتا ہے۔ فتاح وہی ہے جو زبان پر علوم کو جاری فرمادیتا ہے۔ فتاح وہی ہے جو انکشاف علوم کے ساتھ

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔
یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

آنکھوں کے پردے دور کر دیتا ہے۔ فتاح وہی ہے جو اہل حق اور باطل کے درمیان فیصلہ فرماتا ہے۔ فتاح وہی ہے جو صادقین سے صدق کو ظاہر کرتا ہے۔ کاذبین کی اصلیت سب پر کھول دیتا ہے۔ اہل ایمان کو اس کی ذات مقدس سے کشائش ظاہری و باطنی کی اُمید رکھنی چاہیے''۔

(۲۰) العلیم (جاننے والا)

اس کے علم کا کمال یہ ہے کہ ہر شے پر اس کا علم محیط ہے۔ ظاہر ہو یا پوشیدہ، چھوٹی ہو یا بڑی، اول ہو یا آخر۔ الغرض اس کا علم اتنا کامل ہے کہ کسی اور علم والے کے لئے تصور بھی ممکن نہیں۔ (الغزالی) فعیل کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی بہت زیادہ اور ہر وقت جاننے والا۔ (بیھقی)

(۲۱۔۲۲) القابض. الباسط

(تنگی کرنے والا۔ کشادگی کرنے والا)

ادب کا تقاضہ ہے کہ ان دونوں کا ذکر ایک ساتھ کیا جائے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی پوری قدرت دونوں ناموں کو ایک ساتھ ذکر کرنے کے بعد ہی ظاہر ہوتی ہی۔ مثلاً الی فلان قبض امری وبسطه یعنی میری تنگی اور کشادگی فلاں آدمی کے ہاتھ میں ہے۔ اس پورے جملے سے کہنے والے کا یہ مقصد ظاہر ہوتا ہے کہ میرے سارے کام اس کے حوالے ہیں۔ اس طرح دونوں صفات کو جمع کرنے سے مقصد ہوگا کہ مخلوق کے سارے کام اللہ تعالیٰ کے زیر قدرت ہیں۔ (الزجاج)۔ یعنی وہ اللہ جو موت کے وقت روحوں کو قبض کرتا ہے اور زندہ کرتے وقت ارواح کو اجسام کے لئے کھولتا ہے۔ دنیا والوں سے صدقات قبول کرتا ہے اور فقراء و مساکین کا رزق کشادہ کرتا ہے۔ کبھی تو دنیا والوں کا رزق اتنا کشادہ کرتا ہے کہ بھوک کا نام بھی نہ رہے اور کبھی فقر کیلئے اتنی تنگی کرتا ہے کہ اس میں کوئی طاقت نہ رہے۔ وہی اللہ ہے جو اپنے بندوں کو قبضہ میں لے کر اتنی تنگی کرے کہ وہ اس سے غافل نہ ہوں اور اپنی مہربانی سے اس طرح کشادگی کہ اس کی طرف تقرب حاصل کریں۔ (الغزالی)

(۲۳۔۲۴) الخافض. الرافع

(گرانے والا۔ اٹھانے والا)

اپنے دشمنوں کو گرانے والا، ذلیل کرنے والا، بے نصیب کرنے والا، اور اپنے قرب سے دور کرنے والا اور اپنے دوستوں کی شان یا مرتبہ کو بلند کرنے والا، دنیا میں ان کے نام اور کلمات کو اٹھانے والا اور آخرت میں درجات بلند کرنے والا۔ (الزجاج)

(۲۵) المعز (عزت دینے والا)

اس کی تین اقسام ہیں:

اول: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دنیا میں خوشحالی نصیب فرماتے ہیں اور بلند شان عطا فرماتے ہیں۔ یہ اعزاز محکم اور بالفعل ہے۔

دوم: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزمانے کی خاطر تنگی کرتے ہیں حالانکہ وہ دین کے لحاظ سے اعلیٰ درجات پر فائز ہوتے ہیں مگر ان کے صبر کی وجہ سے ان کا ثواب اور درجہ دن بدن بڑھتا رہتا ہے۔ یہ اعزاز اگرچہ بالفعل نہیں مگر محکم ہے۔

سوم: اللہ تعالیٰ اپنے کتنے ہی دشمنوں کی روزی فراخ کر دیتے ہیں۔ مال اور دولت کی فراوانی ہوتی ہے اور ان کے امر و نہی کی دنیا میں اچھی خاصی حیثیت ہوتی ہے یہ اعزاز بالفعل ہے مگر محکم نہیں کیونکہ ان کے لئے آخرت میں دائمی عذاب ہے۔ دنیا میں ان کو ڈھیل ملی ہوئی ہے۔ جیسے فرمایا۔

انما نملی لھم لیزدادو آاثما ولھم عذاب مھین۔ (آل عمران ۱۸ پ ۳)

ہم ان کو اس لئے مہلت دیتے ہیں کہ وہ گناہوں میں بڑھتے چلے جائیں اور آخر کار ان کو ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا۔ یہ اللہ کی قدرت ہے کہ جس کو چاہے عزت عطا فرمائے۔ (الزجاج)

جاری ہے۔۔۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

اوج مریخ

اوقات اوج مریخ: 17 اگست، شام 06 بج کر 25 منٹ تا 19 اگست، صبح 08 بجے تک ہے۔

مریخ دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے اپنے شرفی برج میں داخل ہو چکا ہے۔ اوج و سعادت سے بھرا یہ نجومی و عملیاتی وقت سال 2017 میں دوبارہ نہیں ملے گا۔ سو وہ جو اوج مریخ کی طاقت سے فائدہ اٹھانے کے خواہش مند ہیں اس موقع کو ضائع نہ کریں۔

سطور ذیل میں بالترتیب اُن نقوش والواح کو بیان کیا جا رہا ہے جو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' طویل عرصے سے تیار کر رہا ہے اور اِن کی موثریت مسلمہ امر ہے۔ راہنمائے عملیات کے ہر قاری کے لیے اِن الواح کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ اس سعد گھڑی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو پھر اِن نقوش والواح کو خود تیار کر لیں اور اگر اُن کو عملیات کی سمجھ نہیں تو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' سے اِن الواح و نقوش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

لوح اوج مریخ

زمانہ قدیم سے زائچے میں مردانگی، طاقت، تحفظ اور قوت کے عامل کی حیثیت رکھنے والا مریخ جب حالت شرف یا اوج میں ہوتا ہے تو درج ذیل امورات میں موثر مانا جاتا ہے۔

لوحِ اوج مریخ

دشمن سے حفاظت، انسانی ذہن کو طاقت اور ہمت دینے، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، ان کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی امراض کے حل، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لیے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

شرف یا اوج کسی بھی کوکب کا ہو، اثرات تو اس کے متعلقہ کوکب کے حوالے سے ہوتے ہیں لیکن اس کی موثریت اپنی جگہ اہم اور مستند خیال کی جاتی ہے۔ کوکب کا شرف یا اوج میں ہونا اس کے تحت تیار کردہ عملیات کو اثر انداز اور کامیاب بنا دیتا ہے۔ اس حوالے سے جو نقش تیار کیا جاتا ہے ذیل میں بمعہ چال دیا جا رہا ہے۔

چال لوح مریخ بادی

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش مریخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاخافض یا سمیع یا غفور

۳۵۷۲	۳۵۶۸	۳۵۶۱	۳۵۷۵
۳۵۶۲	۳۵۷۴	۳۵۷۳	۳۵۶۷
۳۵۷۷	۳۵۶۳	۳۵۶۶	۳۵۷۰
۳۵۶۵	۳۵۷۱	۳۵۷۶	۳۵۶۴

وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں خود یہ نقش تیار کرلیں اور جو ادارے سے طلب کرنا چاہیں، ہدیہ ارسال کر کے اس نقش ولوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

لوح مریخ برائے اپاؤ رجعت ونحوست مریخ

مریخ کی رجعت ونحوست اپنے اندر ایسا اثر رکھتی ہے جس کو ہر صاحب علم مانتا اور سمجھتا ہے۔ سطور ذیل میں اس حوالے سے واقع ہونے والے اثرات کا بیان ہے تاکہ ہر فرد سمجھ سکے کہ کیا وہ تو نہیں مریخ کی رجعت و نحوست کا شکار ہے۔

جب مریخ زائچہ میں رجعت/نحوست کا شکار ہو تو فرد بلاوجہ بات بے بات لڑائی جھگڑا اور دنگا فساد پر آمادہ رہتا ہے اور یوں کسی نہ کسی مسئلہ میں اُلجھ کر اپنی زندگی کو آگے لے جانے کی بجائے پیچھے کی طرف لے جاتا ہے۔ وہ تمام لوگ جو انجینئرنگ، فوج، پولیس یا ایسے دیگر اداروں سے منسلک ہیں۔ مریخ کی رجعت/نحوست سے محفوظ رہنا ہی ان کے لیے بہتر ہے وگرنہ ان کے کام یا متعلقہ شعبے میں ترقی ممکن نہیں۔ وہ جو جسمانی کھیل کھیلنے کے شوقین ہیں یا جسمانی کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لینا چاہتے ہیں اور کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی مریخ کا رجعت/نحوست سے پاک ہونا نہایت ضروری ہے وگرنہ کامیابی کا حصول ممکن نہ ہوگا۔ سو ایسے تمام کام جن میں اوزار، آگ، ہمت، طاقت اور محنت کا عمل دخل ہو وہاں مریخ کا نحوست اور رجعت سے پاک ہونا ہی کامیابی دلا سکتا ہے۔ سو اس حوالے سے ادارے کی تیار کردہ خصوصی لوح رفع رجعت/نحوست مریخ حاصل کریں تاکہ معاملات میں آسودگی پیدا ہو۔

اس حوالے سے نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔

سطور ذیل قارئین راہنمائے عملیات کے لیے وہ خاص نقش بمعہ چال تحریر ہے۔ جو مہارت رکھتے ہیں تیار کرسکتے ہیں۔

نقش مریخ (رجعت ونحوست)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا جلیل یا جبار یا نافع

۲۳۴	۲۳۱	۲۲۳	۲۳۷
۲۲۴	۲۳۶	۲۳۵	۲۳۰
۲۳۹	۲۲۵	۲۲۹	۲۳۲
۲۲۸	۲۳۳	۲۳۸	۲۲۶

سہہ جہتی طلسم مریخ

یہ طلسم بنیادی طور پر تین الگ الگ امورات کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس لیے اس کو ''سہہ جہتی طلسم'' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ طلسم تین امورات پر مشتمل ہے:

1- پہلا حصہ قدیم ترین عددی نقش پر مشتمل ہے، جو قدیم اقوام نے عددی حوالے سے مریخ سے منسوب کیا ہے۔ اس کی درست تاریخ یا زمانہ نامعلوم ہے۔

2- دوسرا حصہ ایک خاص طلسماتی شکل ہے جو نامعلوم زمانوں سے مریخ سے منسوب ہے اور اس کے طلسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

3- تیسرا حصہ اُن اسماء الحسنیٰ پر مشتمل ہے جو اس نقش کے چہار اطراف شامل کیے گئے ہیں۔ یہ اسماء مریخ سے متعلق معاملات کے حل کے حوالے سے لیے گئے ہیں۔

اِن تینوں امورات نے مل کر اس سہہ جہتی طلسم مریخ کو ایک ایسا

شاہکار بنا دیا جو غیر معمولی روحانی، عملیاتی، طلسماتی اور اسلامی قوتوں کو لیے ہوئے ہے۔

نقش مریخ (سہہ جہتی مریخ)

یا اللہ یاقابض یاجباریا قہاریاباری یا متین

یا اللہ یا قیوم یاقوی یامنتقم یاخافض یاباسط

۱۱	۲۴	۷	۲۰	۳
۴	۱۲	۲۵	۸	۱۶
۱۷	۵	۱۳	۲۱	۹
۱۰	۱۸	۱	۱۴	۲۲
۲۳	۶	۱۹	۲	۱۵

یا اللہ یا قیوم یاقوی یامنتقم یاخافض یاباسط

طلسم مریخ جو مندرجہ بالا نقش کی پشت پر بنے گا۔



یہ سہہ جہتی طلسم مریخ کن کن کاموں میں موثر ہے اس کا بیان ذیل میں دیا گیا ہے۔

مریخ سے منسوب یہ طلسم اُن لوگوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے جو کسی کمزوری کا شکار ہیں۔ یہ کمزوری جسمانی بھی ہوسکتی ہے اور ذہنی ونفسیاتی بھی۔ وہ لوگ جو کمزور جسم وصحت کے مالک ہوں اِن کو یہ طلسم لازم استعمال کرنا چاہیے۔ اِسی طرح یہ طلسم جسمانی وحیوانی وجنسی قوت کے حصول میں معاون ومددگار رہتا ہے۔ وہ لوگ جو ذہنی اور نفسیاتی امراض کا شکار رہتے ہیں یا معاشرتی دباؤ کے باعث پریشان رہتے ہیں یا کسی مقابلہ میں شامل ہو رہے ہیں تو بھی یہ طلسم مفید اثرات لائے گا۔ چاہے یہ تقریری مقابلہ ہو یا جسمانی یا کھیل کود سے متعلق اس طلسم کی کرشماتی قوتوں سے صرف نظر نہیں کیا جاسکتا۔ جہاں بھی غلبہ حاصل کرنے یا غلبہ ومقابلہ کا مسئلہ ہو اس طلسم کے استعمال سے فوائد کا حصول ہوسکتا ہے۔ اِسی طرح جہاں متشدد اور بے قابو لوگوں سے سامنا ہوسکتا ہے یا جان کا خوف ہو یا لڑائی جھگڑے جیسے مسائل ہوں تو طلسم مریخ سے فائدہ نہ اُٹھانا اپنے پر ظلم کرنے کے مترادف ہے۔ خون خرابا، بدمزگی، خوف، سحر، جادو اور ایسے دوسرے معاملات کے لیے بھی طلسم حیرت انگیز نتائج لاتا ہے۔ ردسحر اور حفاظت کے حوالے سے یہ طلسم بچے، بوڑھے، مرد، عورت ہر ایک کے لیے یکساں مفید ہے۔ تفرقہ بازی میں کامیابی اور دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے جیسے تمام اُمور پر یہ حکمران وموثر ہے۔

نقش مریخ نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور ان کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ مریخ ذیل میں دیا جارہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقش پیش کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کوکب سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے۔ تاکہ آپ اگر کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پینے کے لیے دی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فلیتہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جاسکتا ہے، جو کہ سحر، ردنظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہوسکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر ہے کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی اپنی سمجھ اور ضرورت کے مطابق اِن نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کرسکتا ہے۔ سو سب سے پہلے مریخ سے منسوب نقش مریخ نورانی اور پھر تکسیر مریخ نورانی دی جا رہی ہے۔

تکسیر مریخ

ذیل میں مریخ کے نقش اور چال کے فوراً بعد اس کی تکسیر دیکھیں:

اوج مریخ

اوج مریخ کے حوالے سے نقش یا لوح کے حصول کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ عمومی یا ذاتی ہر دو قسم کے نقوش اور الواح حصول مقصد کے لیے طلب کر سکتے ہیں۔

روپیہ ہی روپیہ

سنہلا پکھراج

وہ جو مالی معاملات میں بہتری چاہتے ہوں اور حصول دولت اور کشادگی کے طالب ہوں اِن کو سنہلا پکھراج کی انگوٹھی یا لاکٹ استعمال کرنا چاہیے۔ یہ اگر تین دانوں پر مشتمل ہوں تو زیادہ بہتر ہے۔ کاروبار، بزنس اور خوشحالی کے لیے اس کے اثرات موثر ثابت ہوئے ہیں۔

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

یااللہ	طی ک ل				یااللہ
ط	۷۰۸۶	۷۰۷۲	۷۰۷۹	۷۰۸۳	ط
ی	۷۰۷۸	۷۰۸۴	۷۰۸۵	۷۰۷۳	ی
ک	۷۰۸۱	۷۰۷۷	۷۰۷۴	۷۰۸۸	ک
ل	۷۰۷۵	۷۰۸۷	۷۰۸۲	۷۰۷۶	ل
یااللہ	طی ک ل				یااللہ

تکسیر مربع

اط ل ی م ک ص ل ر ط ک ی ھ ک ی ل ع ط ط ی ہ ک س ل ح ط ق ی ن ک ک ان ط ی ل ق ی ط م ح ک ل ص س ل ک ر ہ ط ی ک ط ی ط ھ ع ک ل ی ی ک ل ا ک ن ع ط ھ ی ط ل ی ق ط ی ک ط ی م ط ح ہ ک ر ل ک ص ل س س ی ل ک ص ل ک ال ک ر ن ک ع ہ ط ح ھ ط ی م ط ی ل ط ی ک ق ی ط ط س ی ی ق ل ک ک ی ص ط ل ک ی اط ل م ک ی ر ط ن ھ ک ح ع ط ہ ہ ط ط س ع ی ح ی ک ق ھ ل ن ک ط ک ر ی ی ص ک ط م ل ل ل ط ک ای ی ہ اط ک ط ط س ل ع ق ی ل ح م ی ط ک ک ق ص ھ ی ل ی ن ر ک ک ط ط ی ک ہ ک ا ر ط ن ک ی ط ل ط ی س ھ ل ص ع ق ل ک ی ک ل ط ح ی م م ط ی ی ح ک ط ہ ل ک ک ای ر ک ط ل ن ق ک ع ی ص ط ل ل ھ ط س ی ی م س ط ط ی ھ ی ل ح ل ک ط ط ص ہ ی ل ع ک ک ق ان ی ل ر ط ک ک ی ط م ر س ل ط ی ط ن ی اھ ق ی ک ل ک ح ک ل ع ک ل ط ی ط ہ ص ص ک ہ ی ط ط ی م ط ر ل س ک ل ع ط ل ی ک ط ح ن ک ی ل ا ک ھ ی ق ق ص ی ک ھ ہ ک ی اط ل ط ی ی ک م ن ط ح ر ط ل ک س ی ک ل ل ط ع ع ق ط ص ل ی ل ک ک ھ ی ہ س ک ک ی ل اط ر ل ح ط ط ی ن ی م ک ک ع م ق ی ط ن ص ی ل ط ی ط ل ح ک ل ک ر ھ ط ی ط ہ اس ل ک ی ک ک ک ی ع ک م ل ق س ی اط ہ ن ط ص ی ی ط ل ھ ط ر ی ک ط ل ل ک ح ح ک ک ک ل ی ل ع ط ک ک م ی ل ر ق ط س ھ ی ل اط ط ی ہ ی ن ص ط ط ح ص ک ن ک ی ک ہ ل ی ی ط ل ط ح اط ل ک ی ک ھ م س ی ط ل ق ر ر ط ق ح ل ص ط ک ب ی ن س ک م ی ھ ک ک ہ ی ل ک ی ل ی ط ط ال ع ط ط ر ع ط ل ق اح ط ل ط ص ی ط ل ک ی ی ک ن ل س ی ک ہ م ک ی ک ھ ھ ط ک ر ی ع ک ط م ل ہ ق ک ای ح س ط ل ن ط ک ص ی ی ی ط ک ل ل ھ ک ط ط ک ی ر ی ی ع ص ک ک ط ط م ن ل ل ہ ل ق ط ک س اح ی ی ل ح ھ ا ک س ط ک ط ط ک ق ی ل ر ہ ی ل ی ل ی ن ع م ص ط ک ط ک ک ی ط ل ک ح ط ھ ص ام ک ع س ن ط ی ک ل ط ی ط ل ک ی ق ہ ی ر ل ل ک ر ی ی ط ہ ل ق ک ی ح ک ط ل ھ ط ص ی اط م ل ک ک ع ی س ط ن ن ل ط ک س ر ی ی ع ی ک ط ک ہ ل ل م ق ط ک ای ی ح ص ک ط ط ھ ل ل ن ھ ل ط ط ک ک س ص ر ح ی ی ی ع ای ک ک ط ط ق ک م ہ ل ل ل ل ل ن ہ ھ م ل ک ط ق ط ط ط ط ک ک ک ک ن ی ص ا ر ع ح ی ی ی ی ی ل ی ی ل ی ل ی ن ح ہ ع ھ ر م ال ص ک ی ط س ق ک ط ک ط ک ط ک ط ط ی ک ل ط ی ک ل ط ی ک ن ق ح س ہ ط ع ی ھ ک ر ص م ل ا اط ل ی م ک ص ل ر ط ک ی ھ ک ی ل ع ط ط ی ہ ک س ل ح ط ق ی ن ک

ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کوکب کا شرف یا اوج ہو اس کی ہی ساعت میں عمل تیار کرنا مفید ہوتا ہے تاہم اگر نجوم کی سمجھ ہو تو دیگر ساعتوں میں بھی کام کیا جا سکتا ہے۔ لیکن متعلقہ کوکب کی ساعت میں کام کرنا آسان اور محفوظ راستہ ہے۔

بخور و خوشبو

گلاب، مولسری، لوبان، گوگل، سندرس اور عود وغیرہ میں سے کچھ اشیاء اپنی مالی حالت یا عمل کی مناسبت سے دوران عمل بطور بخور جلاتے رہیں اور ان میں سے ہی کسی شہ کا عطر لوح یا نقش جو بھی تیار کریں، اس کو لگانے یا ذاتی استعمال یا کپڑوں وغیرہ کو لگانے کے لیے کر سکتے ہیں۔

نوٹ

کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر منحصر ہے۔ آپ کا، میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرنا ہے اور بس۔ سو بعد از عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔ آمین۔

تسخیرات و عملیات

تحریر: حکیم محمد نعیم الحسن، لاہور

قارئین کرام! السلام علیکم امید کرتا ہوں آپ کو میرے یہ مجربات پسند آئیں گے۔ محفل "راہنمائے عملیات" کے پڑھنے والوں کیلئے خاص عملیات نورانی لے کر حاضر خدمت ہوں۔

حب میدانی (نوشاہی)

اس عمل کو نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء باوضو پاک صاف لباس زیب تن کر کے کسی الگ کمرہ میں، کمرہ کو خوشبو سے معطر کریں اور خود پر بھی عطر چنبیلی لگائیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اکتالیس (41) یوم کا عمل ہے۔ اکتالیس (41) یوم تک اس عمل کو گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھیں دوران عمل مشک کی اگربتی سلگائیں۔ عمل حصار کر کے کریں۔ عمل سے پہلے اپنا صدقہ سوا کلو گوشت ویران جگہ پھینکیں پھر اس عمل کو شروع کریں۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔

"الف الف کر قل ھو اللہ فلاں بن فلاں کو حاضر کرو بحق اللہ خیر"

ایک روحانی دوست نے عطیہ کیا ہے نام نہ بتانے کی شرط رکھی ہے بس شائع کروانے کا کہا تھا۔

تسخیر خلائق

تسخیر عام کے لئے ذیل کا عمل بعد صلوٰۃ فجر یا عشاء گیارہ سو مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ روزانہ پڑھیں بے حد مجرب ہے۔ تازہ غسل پاک صاف ہو کر عمل شروع کرنا ضروری ہے عمل یہ ہے۔

"اللھم سخرلی ھذا البلد والرجال"

عمل کشف القبور

یہ عمل میں نے 2012ء میں با اجازت جناب قیصر احمد بی اے سے طلب کیا تھا۔ انہوں نے اس عمل کی اجازت دی تھی مگر میں نے ابھی تجربہ نہیں کیا لیکن یہ میرے دوست کا تجربہ شدہ ہے۔ عمل حاضر خدمت ہے تصوف میں ایک مقام کشف القبور ہے۔ یعنی مرنے کے بعد روحیں جس مقام پر رہتی ہیں۔ وہاں وہ کس حال میں رہتی ہیں۔ ملاقات کے عمل کو کشف القبور کہا جاتا ہے۔ اس صلاحیت کو بیدار کرنے کے لئے باطنی نگاہ کھولنے کے لئے اسم "یا باعث" روزانہ گیارہ سو (1100) مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ کے ساتھ پڑھیں۔

سورۃ مزمل کا حیرت انگیز عمل (عطیہ جناب شیخ حضرت پیر محمود احمد قادری کا ہے)

سورۃ مزمل شریف روزانہ 4 مرتبہ اکتالیس (41) یوم تک پڑھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ مکان بالکل تنہا ہو اور ہر وقت خوشبو سے معطر ہو۔ دوران عمل پانچ وقت کی نماز ادا کرنا ہوگی۔ پرہیز جلالی و جمالی کرنا لازمی ہے۔ آخری یوم چار اشخاص سامنے حاضر ہو کر سلام کریں گے۔ ان کا لباس یا تو سبز ہوگا، یا سیاہ ڈرنے کی بالکل ضرورت نہیں۔ ان سے عہد و پیماں طے کریں۔ اپنے تابعدار رہنے کا عہد کریں۔ عمل حصار کر کے کرنا ہے۔

☆☆☆

کتابی کورس علم بانڈ نمبرز

بانڈ نمبرز اور ایسے دیگر نمبرز نکالنے اور ان پر کام کرنے والوں کے لیے یہ جامع کورس خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔ آپ بھی اگر اس موضوع سے دلچسپی رکھتے ہیں تو ایک دفعہ ضرور اس کورس کو پڑھیں۔ آپ ضرور اس سے مستفید ہوں گے اور انشاء اللہ اس سے فائدہ بھی حاصل ہوگا۔ اس کتاب میں ادارہ کا انعامی نمبرز کا مکمل کورس دے دیا گیا ہے اور اس میں تحریر طریقہ کار آپ کی نظر سے پہلے نہ گزرا ہوگا۔

خوشبویات

بخور، عطر، اگربتیاں، مومی خوشبویں، بخوردان

عام طور پر عملیات سے متعلق بخور وعطر وغیرہ زیادہ قیمتی ہونے کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی پہنچ سے دور رہتے ہیں۔ کسی چھوٹے عمل یا وظیفہ یا زکات وغیرہ جیسے امور پر خرچہ اس قدر ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ سوچتے ہیں کہ یہ خرچہ کس طرح پورا ہوگا۔ خاص کر طالب علموں کو زیادہ ایسے مسائل ہوتے ہیں۔ ان مسائل کو دیکھتے ہوئے ادارہ راہنمائے عملیات نے اپنے سال ہا سال کے تجربہ کی بنیاد پر مختلف بخور، عطر، اگربتیاں اور مومی خوشبویں وغیرہ انتہائی کم قیمت میں فراہم کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ آپ بھی ان کم قیمت عطریات، بخورات اور اگربتیوں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

خیال رہے یہ کم قیمت ضرور ہیں لیکن موثر ہیں۔ کم قیمت ہونے کا مطلب ان کا بے مقصد اور غیر موثر ہونا ہرگز نہیں۔ یہ عملی لحاظ سے آپ کی تمام عمومی ضرورتیں پوری کریں گی اور آپ خود ان کی موثریت کے قائل ہوں گے۔

کواکبی بخور

مختلف کواکب کی نظرات یا شرف واوج کے دوران عاملین نے جو اعمال تیار کرنے ہوتے ہیں، ان کے لئے ہر کوکب سے متعلق خاص بخور درکار ہوتا ہے۔ آپ ادارہ سے یہ انتہائی مناسب قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

نام بخور	قیمت فی تولہ
قمر	275
شمس	275
عطارد	275
زہرہ	275
مریخ	275
مشتری	275
زحل	275

بخورات (عملیاتی)

ایک عامل نے متفرق اعمال سرانجام دینے ہوتے ہیں۔ ادارہ نے کوشش کر کے مختلف اعمال کیلئے خاص بخورات ترتیب دیئے ہیں۔ جو آپ اپنے عملیات میں مکمل اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخور	قیمت فی تولہ
بخور اعمال سعد (عام)	300
بخور سعد اعمال (خاص)	850
بخور نحس اعمال	400
بخور رد سحر وجادو	650
بخور نورانی	1500
بخور العرب	250
بخور الہند	250
بخور	225

بخوردان

بخورات کو استعمال کرنے یعنی جلانے کیلئے روایتی طور پر کوئلہ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ تاہم بخوردان کی مدد سے آپ کو کوئلہ وغیرہ جلانے جیسا مشکل کام نہیں کرنا پڑے گا، کیونکہ یہ بخوردان بجلی سے چلتے ہیں اور سوئچ آن کرنے کے بعد آپ کی پریشانی ختم۔ آپ ان کو UPS پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

قسم بخوردان	قیمت
بخوردان (لکڑی)	800
بخوردان سادہ	1500
بخوردان فینسی	2500
بخوردان برائے عطر	2200

مومی خوشبویں

یہ عموماً کپڑوں یا جسم پر لگائی جاتی ہے ان کی خوشبو جہاں بہت سستی ہے، وہاں کافی وقت تک قائم رہتی ہے۔ عام استعمال کیلئے بھی مفید ہیں۔

قسم خوشبو	قیمت
مشک	75
عنبر	75
عنبر خاص	200

850 روپے

میں گھر بیٹھے 12 ماہ تک راہنمائے عملیات کا شمارہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک حاصل کریں۔

فون نمبرز: 0300-8442060 | 0321-4753240 | 0300-4783518 | 042-36293245 | 042-36374864

اگربتیاں

ہمارے ہاں گھر میں اگربتی جلانے کی روایت ہے۔ ذیل میں مختلف خوشبوؤں کی اگربتیاں دی گئی ہیں۔ ان کو آپ عملیاتی اور عام گھریلو دونوں مقاصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
صندل	ایک درجن	60
بخور	ایک درجن	60
غلاف کعبہ	ایک درجن	60
عود	ایک درجن	60
گلاب	ایک درجن	60
موتیا	ایک درجن	60
دربار	ایک درجن	60
لوبان	ایک درجن	60
مشک	ایک درجن	60
عنبر	ایک درجن	60
کیوڑہ	ایک درجن	60

خاص اگربتیاں

عاملین کی روزمرہ ضرورتوں اور سائلین کے مختلف معاملات کے حل کیلئے یہ اگربتیاں خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں۔ ایک طرف یہ سستی اور استعمال میں سادہ ہیں اور دوسری طرف اپنی تاثیر اور افادیت میں موثر ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
حب وسعادت	ایک درجن	300
بغض ونحوست	ایک درجن	300
شان اگربتی عملیاتی، روحانی وموکلاتی	ایک عدد	475
ردسحروجادو	ایک درجن	250

عطریات

خوشبو کا استعمال سنت نبویؐ ہے۔ ذیل میں دیئے گئے عطر آپ عام گھریلو استعمال اور عملیاتی مقاصد میں بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عطر ہر طرح کے ممنوع اجزاء سے پاک ہے۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر گلاب	200	370	750
عطر روح گلاب	200	370	750
عطر مشک	300	570	1100
عطر عنبر	350	670	1300
عطر مشک عنبر مکس	330	630	1200
عطر چنبیلی	200	370	750
عطر صندل	200	370	750
عطر رات کی رانی	200	370	750
عطر موتیا	200	370	750
عطر خس	300	570	1100
عطر گل	2000	3900	7800
عطر زعفران	300	570	1100
عطر عود ہندی	750	1400	2800
عطر عود	1200	2300	4500
عطر دھن عود	1600	3000	5900
عطر نرگس	350	670	1300
عطر نسرین	500	950	1800
عطر کرنا	500	950	1800
عطر غلاف کعبہ	500	950	1800
عطر حجر اسود	500	950	1800
عطر زمزم	350	670	1300
عطر مکہ	350	670	1300
عطر بخور	300	570	1100
عطر اصیل	300	570	1100
مخلوط العرب	250	480	950
عطر شامہ	550	1000	2000
عطر سلطان	260	500	1000
عطر مجموعہ	350	650	1300
عطر کیوڑہ	300	570	1100

خاص عطریات

مختلف اعمال روحانی کی مطابقت سے عاملین کو خاص روحانی عطر درکار ہوتے ہیں۔ ذیل میں ان ہی کو دیا گیا ہے۔ یہ آپ کسی بھی عمل کے لیے موثر ہونے کے یقین کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر اعمال سعد	300	570	1100
عطر اعمال نحس	300	570	1100
عطر سبعہ کواکب	500	950	1800
عطر تسخیر ورجوع	500	1000	2000
عطر نورانی	350	670	1300
عطر ردسحروجادو	350	670	1300

کواکبی عطر

عاملین کو مختلف کواکب کے خاص اوقات اور نظرات وغیرہ کے اعمال میں کواکبی عطر درکار ہوتے ہیں۔ کواکبی عطر اور بخور دونوں عاملین اور شائقین عملیات کیلئے پیش کر دیئے ہیں۔

عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
قمر	230	400	800
شمس	230	400	800
عطارد	230	400	800
زہرہ	230	400	800
مریخ	230	400	800
مشتری	230	400	800
زحل	230	400	800

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

سنبلہ برج

تحریر: امتیاز علی

خواتین اور ازدواجی زندگی

سنبلہ چھٹا برج ہے۔ اس کا حکمران سیارہ عطارد ہے جو عقل و دانش اور قوت اظہار کی علامت ہے۔ اس برج کا نشان دوشیزہ ہے اور عنصر مٹی۔

اگر آپ کو کوئی خوش لباس، سلیقہ مند اور نظم وضبط کا پابند مرد نظر آئے تو سمجھ لیں کہ یہ سنبلہ مرد ہے۔ یہ محنتی ذہین اور عمل پسند ہوتے ہیں شیخ چلی کی طرح خواب نہیں دیکھتے جو ارادہ کریں اسے عملی جامہ پہناتے ہیں ہر کام پوری توجہ سے کرتے ہیں تاکہ اچھے نتائج حاصل کر سکیں۔ یہ اپنے فرائض سے محبت کا جذبہ لے پیدا ہوتے ہیں۔ زندگی کے ہر معاملے میں سلیقے اور قرینے کے قائل ہوتے ہیں طبعاً شرمیلے ہوتے ہیں اور ہجوم سے الگ تھلگ رہنا پسند کرتے ہیں۔

ان کی مثبت خصوصیات میں عمل پسند، اچھی سوچ، اچھا اخلاق، دیانت داری اور دوسروں کی خدمت شامل ہیں۔ جبکہ منفی خصوصیات میں نکتہ چینی، بے چینی، احساس کمتری، مایوسی اور خوف شامل ہیں۔

سنبلہ افراد کی تنقید اور غیر ضروری [illegible] سے دوسرے لوگ ناراض رہتے ہیں۔ تنقید کرتے وقت ان کی نیت بری [illegible] ہوتی بلکہ یہ چیز کو بہتر بنانے کے خیال سے تنقید کرتے ہیں۔

محنتی اور ذہین ہونے کے باعث یہ کاروبار یا ملازمت میں آسانی سے کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ جس کے پاس کام کرتے ہیں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اس کے لئے بہت مفید ثابت ہوتے ہیں اور ان کی قدر کی جاتی ہے مگر یہ خود ملازم رکھیں تو ان سے عموماً خوش نہیں رہتے کیونکہ انہیں دوسروں کے کام پر نکتہ چینی کی عادت ہوتی ہے اور ان کا خیال ہوتا ہے کہ اگر یہ اپنے ہاتھ سے کام کرتے تو زیادہ بہتر انداز میں کر سکتے تھے سنجیدہ اور متین ہوتے ہیں ہر مسئلے کا ہر پہلو فوراً ان کی نظر میں آ جاتا ہے۔

محتاط طبیعت کی وجہ سے پھونک پھونک کر قدم اٹھاتے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ چھوٹے سے موقع سے کس طرح فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے پہلی ملاقات میں آپ سے بڑے تپاک سے ملیں گے۔ اس وقت تک کھلیں گے نہیں جب تک وہ آپ کے بارے میں اچھی طرح جان نہ لیں گے۔

یہ اپنے جذبات کا پُر جوش اظہار چاہتے ہیں اس لئے ان میں سے بعض اچھے اداکار ثابت ہوتے ہیں۔ نرم مزاج اور فراخ دل ہوتے ہیں دوسروں کی مدد کر کے راحت محسوس کرتے ہیں۔ یہ مخلص اور ایثار پیشہ ہوتے ہیں۔

سنبلہ افراد فوراً ہی محبت میں مبتلا نہیں ہوتے۔ ان کا دل نرم کرنا اور اس میں جگہ پانا بھی ایک محنت طلب مرحلہ ہے لیکن جس سے محبت کرتے ہیں اس سے وفادار رہتے ہیں۔

اگر کوئی لڑکی اس کے معیار پر پوری اترے اور یہ اسے جیون ساتھی بنانا چاہے تو اس کے لئے لمبے عرصے تک انتظار کر سکتا ہے تعریف کر کے یا پرکشش ادائیں دکھا کر اسے پھانسا جا سکتا یہ فریب کا شکار نہیں ہو سکتا۔

ان کے پاس بہت دولت ہو تو بھی یہ ذہانت اور احتیاط سے رقم خرچ کرتے ہیں برے وقت کے لئے بچا کر رکھتے ہیں ایک مرتبہ کوئی فیصلہ کر لیں تو پھر خواہ کچھ بھی ہو اس کو عملی جامہ پہناتے ہیں۔

یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ چھوٹے سے موقع سے کس طرح فائدہ اٹھایا جائے اگر کبھی کوئی صورت حال انہیں پراگندہ کر دے تو یہ بہت جلد اس سے چھٹکارا پانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

سنبلہ بچے ذہین، پھرتیلے ہوتے ہیں نظم وضبط پسند کرتے ہیں اور اچھے طالب علم ثابت ہوتے ہیں۔

سنبلہ افراد بہترین والدین ثابت ہوتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں سے بھرپور محبت کرتے ہیں ان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں اور اعلیٰ تعلیم دلاتے ہیں۔

وہ بچوں کو ہر کام قرینے اور سلیقے سے کرنے اور اعلیٰ معیار کا طرزِ عمل اختیار کرنے کا عادی بناتے ہیں انہیں اخلاقیات کے تقاضوں کے مطابق تربیت دیتے ہیں۔ ان میں انصاف اور رحم دلی کی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہیں۔

سنبلہ جھوٹی تعریف پسند نہیں کرتے کسی کی غلطی پر خاموش نہیں رہ سکتے لیکن اگر یہ محسوس کریں کہ ان کی صاف گوئی سے دوسرے کو ٹھیس پہنچی ہے تو اس سے معذرت کرنے میں جھجکتے نہیں۔

یہ جذبات میں بھڑک اٹھنے والے یا بے سوچے سمجھے کام کرنے والے مرد نہیں ہوتے۔ لیکن یہ اپنے اوپر تنقید برداشت نہیں کرتے۔

سنبلہ افراد کا موافق عدد 5 ہے، پیلے، نیلے اور سبز رنگ کے تمام شیڈ ان کے لئے موزوں ہیں۔ سعد پتھر پکھراج ہے۔

دوسرے برجوں کے افراد میں سے ان کے تعلقات ثور اور جدی کے ساتھ بہت اچھے سرطان، اسد، میزان اور عقرب کے ساتھ اچھے جوزا، قوس اور حوت کے ساتھ غیر یقینی اور حمل و دلو کے ساتھ غیر جانبدارانہ رہتے ہیں۔

☆ اس برج کی چند اہم شخصیات یہ ہیں:۔
☆ ملکہ الزبتھ اول
☆ او۔ ہنری (نامور ادیب)
☆ صوفیہ لارین (عالمی شہرت یافتہ اداکارہ)
☆ گریٹا کاربو
☆ لیوٹا لسٹائی (روس سے تعلق رکھنے والا عظیم ادیب، حاجی مراد اور جنگ اور امن جیسے ناولوں کا خالق)
☆ ایچ۔ جی۔ ویلز (نامور ادیب، سائنس فکشن میں ایک نمایاں نام)
☆ مارگریٹ ٹروڈو
☆ پیٹر سیلرز (نامور مزاحیہ اداکار)
☆ انگرڈ برگمین (نامور اداکارہ)

عملیات اسمائے ربی

کتاب اس حوالے سے خاص طور پر ممتاز ہے کہ پہلی دفعہ اسمائے الحسنیٰ کے روحانی اثرات کے ساتھ ساتھ ضروری نقوش و دیگر اُمور کو کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ہر مسلمان ان اسمائے ربی کے روحانی و عملیاتی خواص سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہ کتاب چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم و بیش 300 نقوش دیئے گئے ہیں، جن سے ہر فرد فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

سنبلہ خواتین

سنبلہ خواتین حسین اور صاف وشفاف وخوبصورت آنکھوں کی مالکہ ہوتی ہیں، یہ سنجیدہ، بردبار اور محتاط طرزِ عمل کی حامل ہوتی ہیں۔

گھریلو کام کاج میں گہری دلچسپی لیتی ہیں۔ کپڑے سینا، سویٹر بنا اور گھریلو استعمال کی چھوٹی چھوٹی چیزیں جن کے لئے دوسرے بازار کا رخ کرتے ہیں۔ سنبلہ عورتیں خود ہی انجام دے لیتی ہیں۔ وہ گھر کی آرائش کے معاملہ میں خوش ذوق اور کفایت شعار ہوتی ہیں۔

سنبلہ خواتین عموماً دستکاری میں مہارت کا مظاہرہ کرتی ہیں اور بے کار یا فضول سمجھی جانے والی اشیاء کو استعمال میں لانے کے نئے نئے طریقے سوچتی ہیں۔ عام طور پر انہیں اختراع پسند کہا جاتا ہے۔

یہ اچھا مگر سادہ لباس پہننا پسند کرتی ہیں۔ کوئی سنبلہ لڑکی آپ سے پہلی ملاقات میں کھل نہیں سکتی۔ وہ بہت محتاط ہوتی ہے اگر سنبلہ لڑکی کسی مرد کو چائے کی دعوت دے، تو اس کا مطلب صرف چائے کی دعوت ہی ہے۔

وہ جس کو پسند کرتی ہے اسے پرکھتی اور دیکھتی ہے کہ وہ کیسا ہے اگر وہ اس کے معیار پر پورا نہ اترے تو پیچھے ہٹ جاتی ہے اسے آسانی سے متاثر نہیں کیا جا سکتا۔ تعریف و توصیف اور چاپلوسی اس کے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں لاتی۔

سنبلہ عورتوں کو اپنے نسوانی وجود کا احساس ہوتا ہے اس لئے یہ کسی حد تک شرمیلی بھی ہوتی ہیں۔ یہ حقیقت پسند اور قابل اعتماد ہوتی ہیں۔ عورتوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ہلکے پیٹ کی مالک ہوتی ہیں کوئی راز نہیں رکھ سکتیں سنبلہ عورتوں پر یہ بات صادق نہیں آتی۔ ان پر زندگی کے ہر معاملے میں بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

یہ بہت ذہین ہوتی ہیں۔ تعلیمی میدان میں یہ "پڑھاکو" ثابت ہوتی ہیں دنیا میں جو خواتین تجرد کی زندگی بسر کرتی ہیں۔ ان میں زیادہ تر تعداد سنبلہ خواتین کی ہوتی ہیں۔ یہ اپنے لئے مکمل اور اچھے ساتھی کے لئے عرصہ دراز تک انتظار کر سکتی ہیں۔

زندگی کے اخلاقی پہلوؤں کے متعلق ان کے فیصلے بہت سخت ہوتے ہیں اور جنسی طور پر یہ جس بات کو صحیح اور غلط سمجھتی ہیں۔ اس سے متعلق آپ ان کی رائے تبدیل نہیں کر سکتے۔

کون کیسا رہے گا؟

سنبلہ خواتین کے لئے کس برج کے مرد اچھے جیون ساتھی ثابت ہوں گے۔ اس بارے میں ایک مختصر جائزہ پیش خدمت ہے۔

سنبلہ عورت اور سنبلہ مرد

یہ ضروری نہیں ہوتا کہ یکساں شخصیات تعلق کی اچھی مثال بن سکیں لیکن سنبلہ عورت اور مرد کی رفاقت مجموعی طور پر بعض اختلافات کے باوجود خاصی خوشگوار رہتی ہے۔

ان دونوں کے درمیان رفاقت کی کامیابی کا انحصار ان کی اس صلاحیت پر ہے کہ یہ ایک دوسرے کے آئینے میں اپنی خامیوں کا عکس دیکھ کر انہیں درست کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا نہیں اور اس طرح ایک دوسرے کی خوبیوں سے آگاہ ہوتے اور ان کا اعتراف کرتے ہیں یا نہیں۔ اگر یہ ایک دوسرے کی مثبت خصوصیات کو سامنے رکھیں، تو یہ رفاقت کامیاب ہو سکتی ہے۔

سنبلہ مرد اور عورت تنقید پر بہت جلد تیار ہو جاتے ہیں اور ایک دوسرے کی خامیاں گنوانے میں کسی تکلف سے کام نہیں لیتے۔ جس کے باعث اختلافات جنم لیتے ہیں۔

اچھی ازدواجی زندگی کے لئے ان دونوں کو اس معاملے میں محتاط رہنا ہوگا اور ایک دوسرے کا احترام کرنا ہوگا۔

سنبلہ عورت اور ثور مرد

سنبلہ عورت میں کئی خوبیاں ہوتی ہیں جنہیں ثور مرد پسند کرتا ہے۔ مثلاً سنبلہ عورت حسین اور نفاست پسند ہوتی ہیں۔ ثور مرد حسن و نفاست پر جان دیتا ہے۔

سنبلہ عورت بات کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کرتی ہے جبکہ ثور مرد غور و فکر کی بجائے محسوس کرتا ہے کہ کیا غلط ہے اور کیا درست اور پھر اس پر سختی سے عمل کرتا ہے لہذا دونوں میں معمولی قسم کے اختلافات ہوتے ہیں، مگر عارضی۔

دونوں خوشگوار زندگی بسر کرتے ہیں دکھ سکھ کے اچھے ساتھی ثابت ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان کی قربت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ ان کا زندگی سے متعلق نکتہ نظر اور معاشی رویہ ایک سا ہوتا ہے۔

سنبلہ عورت اور جدی مرد

یہ رفاقت بھی خوشگوار رہتی ہے۔

دونوں کے مابین شدید جسمانی دلکشی پیدا ہو سکتی ہے اور معاشی معاملات میں یکساں رویہ بھی ان کے تعلقات کو مضبوط کر سکتا ہے جدی مرد گھر کے معاملات میں دلچسپی لیتا ہے اور سنبلہ عورت کی ذہنی صلاحیتوں کا معترف ہوتا ہے۔

جدی مرد مستقل مزاجی سے اپنے مقصد کے حصول میں لگا رہتا ہے اور اس معاملے میں سنبلہ عورت اس کی مدد کرتی ہے کیونکہ وہ سمجھتی ہے کہ مرد کا مستقبل دونوں کے لئے اہم ہے۔ یہ ایک اچھا جوڑا ثابت ہوتا ہے۔

سنبلہ عورت اور عقرب مرد

یہ پارٹنرشپ بھی عموماً کامیاب رہتی ہے۔

سنبلہ عورت اور عقرب مرد میں یہ قدر مشترک ہے کہ دونوں جس سے محبت کرتے ہیں۔ بس اسی کے ہو کر رہ جاتے ہیں۔

سنبلہ عورت، عقرب مرد کے فیصلوں کا احترام کرتی ہے کیونکہ وہ اس پر مکمل اعتماد کرتی ہے اور عقرب مرد بھی اس کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاتا اور اس سے کبھی بے وفائی نہیں کرتا، وہ طبعاً دیانتدار اور وفا شعار ہوتا ہے۔

مالی معاملات میں دونوں کی سوچ ایک جیسی ہے۔ دونوں ہی بچت کو پسند کرتے ہیں دونوں اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں ہلکے پھلکے جھگڑے تو چلتے ہی رہتے ہیں۔

سنبلہ عورت اور سرطان مرد

یہ رشتہ کچھ زیادہ کامیاب نہیں ہوتا۔

سنبلہ عورت ہر بات کو منطق اور دلیل کی کسوٹی پر پرکھتی ہے جبکہ سرطان مرد کا پیمانہ جذبات ہوتے ہیں۔

سنبلہ عورت سمجھدار اور بردبار ہوتی ہے اور وہ عموماً سرطان مرد کے پل پل بدلتے مزاج کو سمجھ نہیں پاتی۔ مالی معاملات میں احتیاط برتنا دونوں میں قدر مشترک ہے۔

دعائے حجاب

ہر بلا سے حفاظت

تحریر: نذیر احمد، والبدین

آج میں ایک حجاب لکھتا ہوں کیونکہ آج کل کوئی شخص محفوظ نہیں ہر طرف ظلم و جبر و ڈاکہ زنی و قتل و غارت عام ہے نہ کوئی عام آدمی محفوظ نہ کوئی متقی بلکہ ہر خاص و عام شخص ظلم و جبر کا شکار ہیں۔

یہ عمل میں نے حضرت الشیخ ابو العباس احمد بن علی بونیؒ (متوفی ۶۲۲ ھجری) کی کتاب سے لیا ہے شیخ صاحب لکھتا ہے کہ ایک بزرگ سے ایک جن نے کہا کہ میں تمہیں ایک حجاب بتاتا ہوں جو شخص اسے اپنے پاس رکھے وہ شخص ہر بلا سے محفوظ رہے۔ اگر جانور یا کسی چیز پر باندھے تو وہ چوری اور ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہے اگر مسافر سفر میں اپنے پاس رکھے تو کوئی برائی اسے نہ پہنچائے گا۔ کشتی یا کوئی سواری پر پڑھے تو وہ غرق ہونے سے محفوظ رہے۔ حضرت سعید بن مسیبؒ نے کہا ضرور بتاؤ۔ جن نے کہا دوات اور قلم اٹھالو اور یہ اسماء جو میں پڑھتا ہوں لکھ لو۔

دعائے حجاب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كُلُّ ذِىْ مُلْكٍ فَمَمْلُوْكٌ لِلّٰهِ وَكُلُّ ذِىْ قُوَّةٍ فَضَعِيْفٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ جَبَّارٍ فَصَغِيْرٌ عِنْدَاللّٰهِ وَ كُلُّ ظَالِمٍ لَّا مَحِيْصَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ حَصَّنْتُ حَامِلَ كِتَابِىْ هٰذَا بِاَحَدِيَّتِهٖ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالْعَفَارِيْتِ الْمُتَمَرِّدِيْنَ خَاتَمُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلٰى اَفْوَاهِكُمْ وَ عَصَا مُوْسٰى عَلٰى اَكْتَافِكُمْ وَ خَيْرُكُمْ بَيْنَ اَعْيُنِكُمْ وَ شَرُّكُمْ بَيْنَ اَرْجُلِكُمْ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ لَكُمْ وَحَامِلُ كِتَابِىْ هٰذَا فِىْ حِرْزِ اللّٰهِ الْمَانِعِ الَّذِىْ لَا يَذِلُّ مَنِ اعْتَزَّ بِهٖ وَلَا يَنْكَشِفُ مَنِ اسْتَتَرَ بِهٖ سُبْحَانَ مِنَ الْحَمِ الْبَحْرَ بِكَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَطْفَاَ نَارَ اِبْرَاهِيْمَ بِقُدْرَتِهٖ وَ حِكْمَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَوَاضَعَ لَهٗ كُلُّ شَىْءٍ اَقْبَلَ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ لَا تَخَافُ دَرَكًا وَلَا تَخْشٰى اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى لَا تَخَافَا اِنَّنِىْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰى اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ كِتَابِىْ هٰذَا وَاسْتُرْهُ بِسِتْرِكَ الْوَاقِىْ الْحَصِيْنَ فِىْ لَيْلِهٖ وَنَهَارِهٖ وَ ظَعْنِهٖ وَ قَرَارِهٖ الَّذِىْ تَسْتُرُ بِهٖ اَوْلِيَآئَكَ الْمُتَّقِيْنَ مِنْ اَعْدَائِكَ الظّٰلِمِيْنَ الْكَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ مَنْ عَادَاهُ فَعَادِهٖ وَمَنْ كَادَهٗ فَكِدْهُ وَ مَنْ نَّصَبَ لَهٗ فَخَافَخُذْهُ وَ اَطْفِ عَنْهُ نَارَ مَنْ اَرَادَ بِهٖ عَدَاوَةً وَّشَرًّاوَفَرِّجْ عَنْهُ كُلَّ كُرْبَةٍ وَّهَمٍّ وَّضِيْقٍ وَلَا تُحَمِّلْهُ مَالَا تَقْوٰى وَلَا يَطِيْقُ اِنَّكَ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِيْقُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍوَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ.

جہاں پہ لفظ حامل کتابی لکھا ہے وہاں اس شخص کا نام لکھے اور پڑھنے کے وقت اس شخص کا نام لیکر پڑھے۔ اپنے لئے لکھنا ہو تو اپنا نام لکھے اگر پڑھنا ہو تو لفظ حامل کتابی کی بجائے صرف ۔۔۔۔۔ لی ۔۔۔۔۔ کہے۔

☆☆☆

بدبو

گارنٹ

بدبو منہ یا پسینہ کی ایسی شہ ہے جس کو ہر فرد ناپسند کرتا ہے۔ بلکہ انسان کے اپنے منہ یا پسینہ بھی اگر بدبودار ہو تو تکلیف دہ ہو جاتا ہے۔ اس کے جواہراتی علاج کے لیے گارنٹ کا استعمال مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

جامن

فولاد کا منبع

تحریر: قیصر احمد، بی۔اے، کراچی

قدرت کاملہ نے اپنی صنعت کبری سے یوں تو اس دار فانی میں کوئی شے رائیگاں اور فضول نہیں پیدا کی مگر بعض اشیاء کی تخلیق سے انسانیت کو بہت سے فائدے حاصل ہوئے ہیں اور ایسی اشیاء کی کثیر تعداد موجود ہے۔ ان میں سے ہی ''جامن'' ایک لذیذ اور خوش رنگ پھل ہے۔ اس کا درخت تیس سے چالیس فٹ لمبا ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات اس سے بھی لمبے درخت ہو جاتے ہیں۔

جامن کے پودے گرم و مرطوب آب و ہوا پسند کرتے ہیں۔ اس کی لکڑی کو پانی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اسی لئے اس سے کشتیوں کے پیندے اور کنوئیں کے چکے تیار کئے جاتے ہیں۔ اس کے پتوں پر ریشم کے کیڑے بھی پائے جاتے ہیں۔ اس کا درخت پر سال میں دو بار پھول آتے ہیں۔

جو پھل سخت اور ماند ہوتا ہے اسے کچا پھل، اور جو پھل چمکدار، سیاہ اور نرم ہوتا ہے اسے پکا پھل کہا جاتا ہے۔ اس میں وٹامن ''سی'' کی مقدار پائی جاتی ہے۔ اس پھل کو نمک مرچ کے ساتھ کھانا مفید ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر یہ پھل پیٹ میں گرانی پیدا کرتا ہے۔ آدھ کلو تک جامن ایک ساتھ کھانے سے جسم کو ایک وقت کے کھانے کی غذائیت حاصل ہوتی ہے۔ اس میں ''سائیٹرک ایسڈ'' بھی موجود ہوتا ہے۔ جو کہ معدہ اور آنتوں کی جلن، خراش اور کمزوری کو دور کرنے اور بھوک بڑھانے میں ایک بے مثل غذا ہے۔

یہ ایک ننھا سا گٹھلی والا پھل ہے جو کہ مزاج کے اعتبار سے سرد اور خشک ہے۔ اس پھل سے ہاضمے اور معدے کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ اشتہاء آور بھی ہے۔ دانتوں کی مضبوطی کے لئے اس پھل کو اہمیت حاصل رہی ہے۔ ''خون صاف کرنے والی مشین'' اسی پھل کو کہا جاتا ہے۔ سرکہ بھی اسی پھل سے تیار کیا جاتا ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق جامن مزاج کے اعتبار سے سرد، دوسرے درجے میں سرد و خشک ہے۔ جامن میں رطوبت فعلیہ ہے ورنہ اصلی مزاج جامن کا خشک ہے یہی وجہ ہے دستوں میں اس کا استعمال زیادہ کروایا جاتا ہے۔

جامن معدہ اور جگر کی لحال (تلی) کو قوت بخشتا ہے۔ گرم مزاج والے افراد کے لئے یہ خصوصیت سے مفید ہوتا ہے۔ بالوں کے گرنے کی بیماری کا علاج بھی اسی پھل میں پوشیدہ ہے۔ یہ پھل پیشاب کی زیادتی اور پیشاب کے ساتھ آنے والی شکر اور مثانے کی کمزوری کے لئے افادیت کا حامل ہے۔ اس کی گٹھلی بھی ایک خاص قسم کی دوا ہے۔ یہ یاد رکھیئے کہ جامن قدرے قابض ہوتا ہے۔

اطباء کہتے ہیں کہ بستاتی جامن کسیلی، قابض، حابس، میٹھی، ہاضم، بہت خشک و سرد اور خواہش طعام پیدا کرنے والی ہے۔ مرض پیشاب کو نافع ہے، چھوٹی جامن کھانے سے گرمی بڑھ جاتی ہے اور قطرہ قطرہ پیشاب آنے لگتا ہے۔ جنگلی جامن کسیلی ترش دیر ہضم ہے۔ منی بڑھاتی ہے۔ بدن کو فربہ کرتی ہے اور بدن میں قوت لاتی ہے۔ حرارت دفع کرتی ہے، دست بند کرتی ہے۔ دریائی جامن کھانے میں مزیدار ہے۔ اسے ناشتے کی حالت میں کھانے سے نقصان پہنچتا ہے۔ کیونکہ صفراء میں جوش آجاتا ہے۔ جامن کے درخت کی چھال کا سفوف پھانکنے سے آنول کے دست رک جاتے ہیں۔ اس کی چھال کو جوش دیکر کلیاں کرنے سے دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ کچی جامن کے رس کا سرکہ پیٹ کا ریاحی درد اور بادی کا درد مٹاتا ہے۔ جامن کے سرکے کو قلمی شورہ کے ساتھ پلانے سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ اس کا تازہ رس بکری کے دودھ کے ساتھ پلانے سے بچوں کے دست جاتے رہتے ہیں۔ یہ پیشاب میں شکر آنے کو بہت عمدگی سے گھٹاتی ہے۔

جامن ہاضم ہے، اس کے کھانے سے بھوک زیادہ لگتی ہے اور پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ یہ پیاس میں بھی تسکین بخشتا ہے۔ صفراوی اور دموی مزاج کے حامل لوگوں کے لئے اس کا استعمال کرنا بے حد مفید اور مقوی باہ ہے۔ قے، متلی اور ہیضہ میں اس کا استعمال کرنا عمدہ اثرات رکھتا ہے۔ اور ان تمام امراض میں جہاں سے حرارت کے باعث رطوبات بہہ رہی ہوں، جیسے سیلان الرحم و جریان وغیرہ۔

جدید تحقیقات سے جامن میں جامبولین نامی ایک گلوکوسائڈ،

گیلک ایسڈ، رال اور ٹینین، پائے جاتے ہیں۔ ماہرین خوراک کا خیال ہے کہ ان کی وجہ سے ہی جامن ذیابیطس کے مرض میں بہترین ثابت ہوتا ہے۔ مگر تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ اجزاء دیگر کئی دوسرے پھلوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ مگر وہ جامن کی طرف ذیابیطس میں مفید ثابت نہیں ہوتے ہیں۔

جامن کے طبی خواص

جامن کئی امراض میں مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ اس کے چند نسخے ذیل میں پیش خدمت ہیں ان سے با آسانی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ جامن گرم مزاج والوں کے معدے اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ جامن بلغم اور صفراء کو دور کرتی ہے، قابض ہے۔

کانچ نکلنے کے لئے

